Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | ABC Certified | عوام کی بے ساختہ للکار

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

# عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | ہفتہ، 20 جون 2026ء، 4 محرم الحرام 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 68

# عشرہ محرم الحرام میں امن و امان کا قیام اولین ترجیح ہے، عظمیٰ بخاری

سوشل میڈیا پر فیک نیوز، فرقہ واریت اور مذہبی منافرت پھیلانے والے عناصر کے خلاف مؤثر نگرانی کے لیے ریسپانس فورس تشکیل دے دی گئی ہے

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر محرم کنٹرول رومز 24/7 فعال، جلوسوں کے روٹس پر بجلی کی بلاتعطل فراہمی اور ٹھنڈے پانی کے انتظامات کو یقینی بنایا جائے

سیف سٹی کیمروں اور ڈیجیٹل پینک بٹنز سے سیکیورٹی مانیٹرنگ کی جائے گی، کابینہ کمیٹی کا فیصل آباد کا دورہ؛ عشرہ محرم الحرام کے انتظامی و حفاظتی اقدامات کا اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی صدارت کر رہی ہیں

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر کابینہ کمیٹی برائے فیصل آباد ڈویژن کا ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں عشرہ محرم الحرام کے دوران امن و امان، سیکیورٹی، ٹریفک مینجمنٹ اور عوامی سہولیات کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری، وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان اور معاون خصوصی برائے سیاسی امور ذیشان (بقیہ نمبر 1)

## صحابہ کرامؓ و اہلِ بیتِ اطہارؓ کی محبت ایمان کا بنیادی جزو ہے، علمائے کرام

تحفظ ناموسِ رسالت محاذ کے زیر اہتمام 21 جون کو عظمتِ صحابہؓ و اہلِ بیتؓ مارچ منعقد ہوگا

مارچ صبح 9 بجے لاہور پریس کلب سے شروع ہو کر وزیراعلیٰ ہاؤس تک جائے گا، ترجمان

لاہور (این این آئی) تحفظ ناموسِ رسالت محاذ لاہور کے زیر اہتمام 21 جون بروز اتوار ''عظمتِ صحابہؓ و اہلِ بیتؓ مارچ'' منعقد ہوگا۔ مارچ صبح 9 بجے لاہور پریس کلب سے شروع ہو کر وزیراعلیٰ ہاؤس تک جائے گا جس میں علمائے کرام، مشائخ عظام، (بقیہ نمبر 2)

# اپوزیشن کو اب بھی سیاسی مشاورت کی پیشکش کرتے ہیں، انشاء اللہ

مولانا فضل الرحمان کو کہیں خدشات ہیں تو گلہ دور کرنے کی کوشش کریں گے، مشیر وزیراعظم کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ ہم اپوزیشن کو اب بھی سیاسی مشاورت کی پیشکش کرتے ہیں، مولانا فضل الرحمان کو کہیں خدشات ہیں تو گلہ دور کرنے کی کوشش کریں گے۔ (بقیہ نمبر 5)

# گورنر پنجاب سے پیپلز پارٹی کے اراکین کی ملاقات

غریب عوام، تنخواہ دار طبقہ اور پنشنرز مہنگائی کے باعث مشکلات کا شکار ہیں، سردار سلیم حیدر خان کی ملاقات میں گفتگو

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے اراکین اسمبلی نے گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات کی، گورنر پنجاب نے اراکین اسمبلی کو پارٹی قیادت کا پیغام پہنچایا اور اسمبلی میں عوامی مسائل (بقیہ نمبر 4)

# پاسپورٹ کے اجراء کو ای پاسپورٹ پر منتقل کرنے کا فیصلہ

ای پاسپورٹ پر مکمل منتقلی سے پاسپورٹ کے ضمن میں فراڈ اور جعلسازی کا خاتمہ ہوگا، وزیر داخلہ محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے پاسپورٹ کے اجراء کو مکمل طور پر ای پاسپورٹ پر منتقل کرنے اور ہوم ڈیلیوری شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت پاسپورٹ اینڈ امیگریشن ہیڈکوارٹرز (بقیہ نمبر 3)

## وزیراعظم شہباز شریف کی امریکا اور ایران کے درمیان معاہدے کو عملی جامہ پہنائے جانے پر قوم، سیاسی اور عسکری قیادت کو مبارکباد

# پیٹرول کی قیمت میں تاریخی کمی

پٹرول کی فی لیٹر قیمت 373 روپے سے کم ہو کر 299 روپے اور ڈیزل کی فی لیٹر قیمت 378 روپے سے کم ہو کر 311 روپے پر ہوگئی

حکومت پاکستان کی بہتر منصوبہ کی بدولت توانائی کا بحران نہیں آیا، معاشی استحکام برقرار رکھنے اور مہنگائی میں مزید کمی کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھیں گے، وزیراعظم شہباز شریف

ایران کے صدر مسعود پزشکیان کو دورہ پاکستان کی دعوت دی ہے، ایرانی صدر نے سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای کی آخری رسومات میں شرکت کی دعوت دی ہے، پاکستان کا وفد شرکت کریگا، شہباز شریف کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پیٹرول کی قیمت میں 74 روپے اور ڈیزل کی قیمت میں 67 روپے کمی کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ خطے میں معاشی صورتحال میں بہتری آنے اور تیل کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ فوری طور پر عوام کی جانب منتقل کررہے ہیں، خطے کی معاشی صورتحال کے دوران جب کچھ ممالک میں فیول راشننگ جیسے اقدامات لیے جا (بقیہ نمبر 21)

## پی ٹی اے کی ڈیجیٹل سکیورٹی بہتر بنانے کیلئے اہم ایڈوائزری جاری

فنگر پرنٹ یا چہرے کی شناخت جیسے بائیومیٹرک فیچرز کو ترجیح دیں، مضبوط پاس ورڈ، محفوظ ڈیجیٹل مستقبل کی ضمانت ہے

نام، تاریخ پیدائش یا 1234 جیسے آسان نمبرز کو پاس ورڈ بنانے سے اجتناب کریں، پی ٹی اے کی ایڈوائزری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے سائبر فراڈ سے بچاؤ کیلئے ڈیجیٹل سکیورٹی بہتر بنانے کیلئے ایڈوائزری جاری کردی۔ پی ٹی اے ایڈوائزری میں صارفین کو آن لائن اکاؤنٹس کے تحفظ کیلئے مضبوط اور منفرد پاس ورڈز استعمال کرنے کی تاکید کی گئی ہے، شہری مضبوط اور محفوظ پاس ورڈز استعمال کرنے کی عادت اپنائیں۔ ایڈوائزری کے مطابق ڈیجیٹل دنیا میں محفوظ رہنے کیلئے دو مرحلہ جاتی تصدیق فعال کریں، ایک سے زائد اکاؤنٹس کیلئے ایک ہی پاس ورڈ استعمال کرنے سے گریز کریں، مختصر (بقیہ نمبر 22)

## وزیراعظم اپنی نشست سے اُٹھ کر اپوزیشن لیڈر کی نشست پر گئے

محمود اچکزئی، اسد قیصر اور بیرسٹر گوہر سے بھی خوشگوار انداز میں گفتگو کی

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران وزیرِ اعظم اپنی نشست سے اُٹھ کر اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی کی نشست پر گئے، اسد قیصر اور بیرسٹر گوہر سے (بقیہ نمبر 23)

آئی جی اسلام آباد سید ناصر علی زیدی ڈی آئی جی اسلام آباد اور سینئر افسران کے ساتھ اہم میٹنگ کر رہے ہیں

## پی این ایس سی کا جہاز بڑے حادثے سے بال بال بچ گیا

کراچی پورٹ کے ذرائع کے مطابق بحری جہاز پر 30 سے 40 کنٹینرز گر گئے

کراچی (این این آئی) پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن (پی این ایس سی) کا جہاز بڑے حادثے سے بال بال بچ گیا۔ کراچی پورٹ کے ذرائع کے مطابق بحری جہاز پر 30 سے 40 کنٹینرز گر گئے۔ ذرائع کے مطابق سیفٹی خدشات کے سبب ٹرمینل انتظامیہ (بقیہ نمبر 24)

## صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین کی پاک سیکریٹریٹ اسلام آباد میں وزیراعظم کے معاون خصوصی ہارون اختر خان سے ملاقات

# انڈسٹریلائزیشن پاکستان کا مستقبل

لینڈ لیز پالیسی معاون ثابت ہوگی

صنعتکاری کے عمل میں تیزی لانے کیلئے انقلابی اقدامات کئے گئے ہیں، لینڈ لیز پالیسی متعارف کرائی گئی ہے، صوبائی وزیر صنعت و تجارت

انڈسٹریلائزیشن ہی پاکستان کا مستقبل ہے، حکومت زرعی پیداوار بڑھانے کیلئے سیڈ ڈویلپمنٹ پالیسی لا رہی ہے، ہارون اختر خان

لاہور (این ای این) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے پاک سیکریٹریٹ اسلام آباد میں وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان سے ملاقات کی جس میں صنعتکاری کے عمل کو مزید تیز کرنے کے حوالے سے گفتگو ہوئی۔ ہارون اختر خان نے چوہدری شجاعت حسین کی خیریت بھی دریافت کی۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے (بقیہ نمبر 6)

صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین، وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان سے ملاقات کر رہے ہیں

# راولپنڈی محرم الحرام میں جامع صفائی پلان مرتب

محرم کے جلوسوں کے روٹس، امام بارگاہوں، مجالس کے مقامات اور ملحقہ علاقوں کا مسلسل معائنہ کریں، چیف ایگزیکٹو آفیسر آر ڈبلیو ایم سی

سات سے دس محرم الحرام تک قائم کیے جانے والے دو ریلیف کیمپوں میں اضافی صفائی عملہ تعینات کیا جائے گا، رانا ساجد صفدر

راولپنڈی (این ای این) راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے محرم الحرام میں صاف ستھرا اور بہترین ماحول فراہم کرنے کے لیے ایک جامع صفائی پلان مرتب کیا ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر آر ڈبلیو ایم سی رانا ساجد صفدر کی ہدایت پر تمام آپریشن سٹاف کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے متعلقہ علاقوں میں محرم کے جلوسوں کے روٹس، امام بارگاہوں، مجالس کے مقامات اور ملحقہ علاقوں کا مسلسل معائنہ (بقیہ نمبر 7)

## گوشواروں میں زائد ٹیکس کریڈٹ کا دعویٰ کرنیوالے شخص پر جرمانے کی تجویز منظور

راولپنڈی: راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی محرم الحرام کے حوالے سے جامع صفائی میں مصروف عمل ہیں

اسلام آباد (این این آئی) قائمہ کمیٹی برائے خزانہ نے گوشواروں میں زائد ٹیکس کریڈٹ کا دعویٰ کرنے والے شخص پر جرمانے کی تجویز منظور کرلی۔ قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس میں ایف بی آر حکام نے بتایا کہ ایسے شخص پر غلط طور پر ٹیکس کیے گئے اضافی ٹیکس کریڈٹ کے برابر جرمانہ ہوگا۔ حکام نے (بقیہ نمبر 9)

# پنجاب میں ترقی کا سفر ہر صورت جاری رہے گا، وزیراعلیٰ پنجاب

وزیراعلیٰ مریم نواز نے انسٹیٹیوٹ آف سرجیکل آرتھوپیڈک اینڈ میڈیکل رہیب اور چلڈرن ہسپتال فور کی منظوری دیدی

نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ میں انسٹیٹیوٹ آف سرجیکل آرتھوپیڈک اینڈ میڈیکل رہیب اور چلڈرن ہسپتال فور بنے گا

پلاسٹک ری کنسٹرکٹیو سرجری اینڈ برن سینٹر اور انسٹیٹیوٹ آف جینیٹک اینڈ بلڈ ڈیزیز بھی میڈیکل سٹی میں بنے گا

سنٹر آف ایکسی لینس نرسنگ اینڈ مڈوائفری، انسٹیٹیوٹ آف آپتھلمالوجی اور انفیکشن ڈیزیز ہسپتال بھی بنائے جائیں گے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے انسٹیٹیوٹ آف سرجیکل آرتھوپیڈک اینڈ میڈیکل رہیب اور چلڈرن ہسپتال فور کی منظوری دیدی، نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ میں انسٹیٹیوٹ آف سرجیکل آرتھوپیڈک اینڈ میڈیکل رہیب اور چلڈرن ہسپتال فور بنے گا، پلاسٹک ری کنسٹرکٹیو سرجری اینڈ برن سینٹر اور انسٹیٹیوٹ آف جینیٹک اینڈ بلڈ ڈیزیز بھی میڈیکل سٹی میں بنے گا، سنٹر آف ایکسی لینس نرسنگ اینڈ مڈوائفری، انسٹیٹیوٹ آف آپتھلمالوجی اور (بقیہ نمبر 6)

اوورسیز پاکستانی فاؤنڈیشن اور موون پک ہوٹل سینٹورس اسلام آباد کے درمیان اوورسیز پاکستانیوں کے لیے سیاحت کے فروغ اور خصوصی پیکجز کے اجراء کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے بعد دستاویزات کا تبادلہ کیا جا رہا ہے

## وزیراعظم شہباز شریف قومی اسمبلی کے بجٹ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

# پی ٹی اے کی ڈیجیٹل سکیورٹی بہتر بنانے کیلئے اہم ایڈوائزری جاری

فنگر پرنٹ یا چہرے کی شناخت جیسے بائیومیٹرک فیچرز کو ترجیح دیں، مضبوط پاس ورڈ، محفوظ ڈیجیٹل مستقبل کی ضمانت ہے

نام، تاریخ پیدائش یا 1234 جیسے آسان نمبرز کو پاس ورڈ بنانے سے اجتناب کریں، پی ٹی اے کی ایڈوائزری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے سائبر فراڈ سے بچاؤ کیلئے ڈیجیٹل سکیورٹی بہتر بنانے کیلئے ایڈوائزری جاری کردی۔ پی ٹی اے ایڈوائزری میں صارفین کو آن لائن اکاؤنٹس کے تحفظ کیلئے مضبوط اور منفرد پاس ورڈز استعمال کرنے کی تاکید کی گئی ہے، شہری مضبوط اور محفوظ پاس ورڈز استعمال کرنے کی عادت اپنائیں۔ ایڈوائزری کے مطابق ڈیجیٹل دنیا میں محفوظ رہنے کیلئے دو مرحلہ جاتی تصدیق فعال کریں، ایک سے زائد اکاؤنٹس کیلئے ایک ہی پاس ورڈ استعمال کرنے سے گریز کریں، مختصر (بقیہ نمبر 22)

## پنجاب کے سرکاری اسکولوں کی مالی خودمختاری دینے کا منصوبہ

13 نئے ریونیو آپشنز زیر غور، اسکولوں کے غیر استعمال شدہ وسائل کو کمرشل استعمال میں لانے، اشتہارات، سولر انرجی، کرائے

پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ سے آمدن بڑھانے کی تجویز، پنجاب میں جدید فنانسنگ ماڈل متعارف کرانے پر بھی کام جاری ہے

لاہور (این این آئی) محکمہ سکول ایجوکیشن پنجاب نے سرکاری اسکولوں کو مالی طور پر خودمختار بنانے اور اضافی آمدن پیدا کرنے کیلئے ایک نیا اور جامع منصوبہ تیار کیا ہے، جس کے تحت اسکولوں کے غیر استعمال شدہ وسائل کو کمرشل بنیادوں پر استعمال کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ تعلیم نے اسکولوں کیلئے اضافی آمدن کے 13 مختلف آپشنز تجویز کیے ہیں، جن کے ذریعے تعلیمی اداروں (بقیہ نمبر 25)

## راولپنڈی، سیوریج نالے میں ڈوبنے والا 7 سالہ بچہ تاحال لاپتہ

سیوریج نالے میں بچے کی تلاش کیلئے ریسکیو ٹیمز کا سرچ آپریشن تیسرے روز بھی جاری رہا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں سیوریج نالے میں ڈوبنے والے 7 سالہ بچے کا تاحال کوئی سراغ نہ مل سکا۔ سیوریج نالے میں بچے کی تلاش کیلئے ریسکیو ٹیمز کا سرچ آپریشن تیسرے روز بھی جاری رہا، سیوریج نالے میں بچے کا وصال 2 روز قبل آئی جے پی روڈ کچہ اسٹاپ کے قریب سیوریج نالے میں گرا تھا۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ لاپتہ بچے (بقیہ نمبر 26)

## اٹلی سے بازیاب 7 پاکستانی نوادرات وطن واپس پہنچ گئے

روم (این این آئی) اٹلی سے بازیاب 7 پاکستانی نوادرات وطن واپس پہنچ گئے۔ روم میں پاکستانی سفارتخانے کے مطابق اٹلی سے بازیاب 7 پاکستانی نوادرات وطن واپس پہنچا دیے گئے ہیں، نوادرات اپریل (بقیہ نمبر 27)

## کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک کا چیئرمین پاکستان سویٹ ہوم زمرد خان، سینئر سیاستدان ورکن قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب کے ہمراہ

# ''سیدہ فاطمۃ الزہراءؑ تدفین فری سروس اینڈ دسترخوان'' کا افتتاح

اس منصوبے کے تحت غریب اور مستحق خاندانوں کو تدفین کے موقع پر مالی پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا، طاہرہ اورنگ زیب

معاشرے کے مستحق اور کمزور طبقات کی خدمت ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے، کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک

راولپنڈی (این ای این) کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک نے چیئرمین پاکستان سویٹ ہوم زمرد خان، سینئر سیاستدان ورکن قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب کے ہمراہ "سیدہ فاطمۃ الزہراءؑ تدفین فری سروس اینڈ دسترخوان" کے افتتاحی پروگرام میں شرکت کی۔ اس موقع پر چیئرمین راولپنڈی چیمبر آف کامرس عثمان شوکت، صدر ہائی کورٹ بار، اسسٹنٹ کمشنر سٹی ایمان ظفر اور سول سوسائٹی کے نمائندگان بھی وہاں موجود تھے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے طاہرہ اورنگ زیب نے کہا کہ اس منصوبے کے تحت غریب اور مستحق خاندانوں کو تدفین کے موقع پر مالی پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑے (بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد ٹریفک پولیس کا شہریوں میں روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین کے متعلق آگاہی فراہم کر رہی ہے

## جب تک بانی سے ملنے نہیں دیا جاتا وفاق کو کوئی گرانٹ جاری نہیں ہوگی، سہیل آفریدی

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ جب تک بانی پی ٹی آئی سے ملنے نہیں دیا جاتا کوئی ڈرافٹ سائن نہیں کریں گے اور وفاق کو کوئی گرانٹ جاری نہیں ہوگی۔ اسپیکر بابر سلیم سواتی کی زیر صدارت خیبر پختونخوا اسمبلی کے اجلاس (بقیہ نمبر 11)

لاہور: صدر لاہور فیس بار ثاقب منیر رانا اور جنرل سیکرٹری فاروق کھرل دیگر کے ہمراہ سیمینار کے مہمان خصوصی محمد ٹیکس ٹربیونل شفقت علی بھٹہ کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

## کالعدم جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے 150 شرپسندوں کے نام فورتھ شیڈول میں شامل

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ داخلہ حکومت آزاد جموں و کشمیر نے کالعدم جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے 150 شرپسندوں کو فورتھ شیڈول میں شامل کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا جس کے مطابق آزاد جموں و کشمیر کابینہ کے اجلاس میں شرپسندوں کے نام فورتھ (بقیہ نمبر 12)

## ورکرز ویلفیئر فنڈ کی اوورسائٹ اینڈ انٹرپروونشل کوآرڈینیشن کمیٹی کا تیسرا اجلاس، صدارت چیئرمین کمیٹی فرخ شہزاد نے کی

# مزدوروں کے بچوں کی فلاح و بہبود کیلئے اہم فیصلے

ورکرز ویلفیئر فنڈ کے زیر کفالت بچوں کے لیے کتب، یونیفارم، اسٹیشنری، ٹرانسپورٹ اور وظیفہ کی تجاویز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ورکرز ویلفیئر فنڈ کی تعلیمی اسکیموں کو مزید مؤثر، شفاف اور عوام دوست بنایا جائے گا

مزدوروں کے ایک لاکھ بچوں کو سکولوں میں داخلے کے خواب کو تمام وسائل بروئے کار لا کر پورا کیا جائیگا، وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین

ورکرز ویلفیئر فنڈ کی اوورسائٹ اینڈ انٹرپروونشل کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس زیر صدارت فرخ شہزاد منعقد ہو رہا ہے

اسلام آباد (این ای این) ورکرز ویلفیئر فنڈ (WWF) کی اوورسائٹ اینڈ انٹر پروونشل کوآرڈینیشن (IPC) کمیٹی کا تیسرا اجلاس ورکرز ویلفیئر فنڈ، اسلام آباد کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین کمیٹی جناب فرخ شہزاد نے کی۔ اجلاس میں جوائنٹ سیکرٹری محترمہ عذرا جمالی، سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ جناب ذوالفقار احمد، سیکرٹری لیبر اینڈ ہیومین ریسورس ڈیپارٹمنٹ پنجاب جناب دانش افضل، سیکرٹری لیبر ڈیپارٹمنٹ بلوچستان صالح محمد نصر، سیکرٹری ورکرز ویلفیئر بورڈ بلوچستان، سیکرٹری لیبر ڈیپارٹمنٹ خیبر پختونخوا (بقیہ نمبر 14)

## ورثاء جائیداد کی مالیت اپیل کے فورم کا تعین نہیں کرتی، لاہور ہائیکورٹ

جانشینی سرٹیفکیٹ مقدمات میں اپیل کا فورم سکسیشن ایکٹ کے تحت طے ہوگا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے وراثتی سرٹیفکیٹ مقدمات میں کا تعین نہیں کرتی، جانشینی سرٹیفکیٹ کیس میں اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ وراثتی جائیداد کی مالیت اپیل کے فورم میں اپیل کا فورم سکسیشن ایکٹ کے تحت طے ہوگا، سکسیشن سرٹیفکیٹ کیسز (بقیہ نمبر 13)

## پرائیویٹ حج پالیسی 2027-2030 کی منظوری

پرائیویٹ حج کے لیے کوٹہ سسٹم کے بجائے کارکردگی اور کمپلائنس پر مبنی نظام نافذ کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے وزارت مذہبی امور کی پیش کردہ پرائیویٹ حج پالیسی 2027-2030 منظور کرلی۔ ترجمان مذہبی امور کے مطابق پرائیویٹ حج کے لیے کوٹہ سسٹم کے بجائے کارکردگی اور کمپلائنس پر مبنی نظام نافذ کیا گیا (بقیہ نمبر 17)

## سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان اور ہنگری کے سفیر کی ملاقات

دوطرفہ تعلقات، پارلیمانی، تعلیمی اور فارماسیوٹیکل تعاون بڑھانے پر اتفاق

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں سے ہنگری کے سفیر ڈاکٹر زولتان ورگا نے سپیکر چیمبر میں ملاقات کی، جس میں دوطرفہ تعلقات، پارلیمانی تعاون، تجارت، تعلیم اور فارماسیوٹیکل شعبے سمیت باہمی دلچسپی کے اہم امور پر تفصیلی تبادلہ (بقیہ نمبر 18)

لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں سے ہنگری کے سفیر ڈاکٹر زولتان ورگا ملاقات کر رہے ہیں

## اسمگلنگ اور ٹیکس چوری کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کرنے کا اعلان

35 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی نان کسٹم پیڈ سگریٹس اور تمباکو مصنوعات نذر آتش

سکھر (این این آئی) ایف بی آر سکھر کے ریجنل ٹیکس آفس کی جانب سے سکھر، گھوٹکی، جیکب آباد، کشمور اور دیگر اضلاع میں مختلف کارروائیوں کے دوران پکڑی گئی نان کسٹم پیڈ غیر ملکی سگریٹس اور تمباکو سے بنی اشیا کو ایک تقریب کے دوران نذر آتش کر دیا گیا۔ تقریب میں چیف کمشنر سکھر ضیغم عباس نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ (بقیہ نمبر 19)

## ڈپٹی ڈائریکٹر انجینئرنگ واسا ساہیوال ٹریفک حادثہ میں جاں بحق

نامعلوم ٹرک ڈرائیور کے خلاف مقدمہ درج ملزم حادثہ کے بعد فرار

ساہیوال (این این آئی) چیچہ وطنی بورے والا روڈ اڈہ غازی آباد چک 21 گیارہ ایل تیز رفتار ٹرک کی کار سے ٹکر کے نتیجہ میں ڈپٹی ڈائریکٹر انجینئرنگ واسا ساہیوال محمد اکبر علی زاہد جاں بحق ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق رات 12 بجے محکمہ پبلک ہیلتھ کے اکاؤنٹس کلرک محمد افضل اور واسا ساہیوال کے ڈپٹی ڈائریکٹر انجینئرنگ واسا محمد اکبر علی زاہد اپنی کار (بقیہ نمبر 20)

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

# ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

## شاندار سفارتی کامیابی اور تقاضے

مشرقِ وسطیٰ میں کشیدگی کے خاتمے کیلئے پاکستان کی اَنتھک کوششوں' سفارتی بصیرت اور قائدانہ صلاحیتوں کا اعتراف پوری دنیا کر رہی ہے۔ امریکہ اور ایران کو 'اسلام آباد میمورنڈم' کے ذریعے ایک طویل اور سنگین تنازع کے پُرامن حل کی طرف لانا پاکستان کی خارجہ پالیسی کا وہ شاندار اعزاز ہے جس نے اسے عالمی برادری کا مرکزِ نگاہ بنا دیا ہے۔ اقوام متحدہ' یورپی یونین اور برطانوی ایوانِ بالا سے عالمی میڈیا تک' ہر جگہ پاکستان کے اس تعمیری کردار کی گونج سنائی دے رہی ہے' جس نے دنیا کو ایک بڑی تباہی سے بچانے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ فعال سفارتکاری سے آبنائے ہرمز میں تجارتی راستوں کی بحالی اور عالمی امن کے قیام نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ پاکستان عالمی بساط پہ ایک ذمہ دار اور انتہائی اہم تزویراتی کھلاڑی ہے۔ سفارتی محاذ پر حاصل ہونیوالی یہ غیر معمولی کامیابی اس حقیقت کی مظہر ہے کہ جب ملکی قیادت اور ادارے یکسو ہو کر مشترکہ وژن کے ساتھ آگے بڑھتے ہیں تو بظاہر ناممکن نظر آنے والے اہداف بھی حاصل ہو جاتے ہیں۔ اس پذیرائی نے جہاں عالمی سطح پر ملک کا وقار بلند کیا ہے وہیں داخلی حالات کے حوالے سے ذمہ داریوں میں بھی اضافہ کیا ہے۔

خارجہ امور میں دکھائی دینے والی اس تگ و دو کی اب اندرونِ ملک سیاسی' معاشی اور سماجی استحکام کیلئے بھی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی ہے۔ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ کوئی بھی ملک عالمی سطح پر پائیدار اثر و رسوخ اس وقت تک برقرار نہیں رکھ سکتا جب تک اس کی جڑیں اندرونی طور پر مضبوط نہ ہوں۔ اس وقت پاکستان کو جس نوعیت کے سیاسی و سماجی بحران کا سامنا ہے' اسے ختم کرنے کیلئے اسی عزم اور مصالحت پسندی کی ضرورت ہے جو ہم نے مشرقِ وسطیٰ کے بحران کو حل کرنے کیلئے دکھائی ہے۔ اندرونی سطح پر سیاسی جماعتوں اور اداروں سمیت تمام سٹیک ہولڈرز میں وسیع تر قومی مفاہمت ناگزیر ہو چکی ہے۔ جب تک ملک سے سیاسی بے یقینی اور سماجی اضطراب کا خاتمہ نہیں ہوتا تب تک عالمی سطح پر حاصل ہونے والی کامیابیوں کے ثمرات سے طویل عرصے تک مفاد کشید کرنا ممکن نہیں ہوگا۔ اگرچہ حالیہ مہینوں میں معیشت میں جزوی استحکام دیکھنے کو ملا ہے لیکن بنیادی سطح پر معیشت اب بھی جمود کا شکار ہے۔ یہ صورتحال ملک کی شاندار سفارتی کامیابیوں اور عالمی ساکھ سے بالکل میل نہیں کھاتی۔ ایک طرف پاکستان دنیا کے بڑے بحرانوں کو حل کرنے کیلئے ایک مضبوط اور باوقار ثالث کے طور پر ابھرا ہے اور دوسری طرف زرِمبادلہ کے ذخائر کو سہارا دینے کیلئے دوست ممالک کے ڈیپازٹس اور عالمی مالیاتی اداروں کے قرضوں کا رہین ہے۔ گزشتہ ایک برس کے دوران پاکستان عسکری اور سفارتی' دونوں محاذوں پر اپنے آپ کو منوا چکا ہے' اب ضروری ہے کہ خود کو معاشی میدان میں منوانے کا بیڑا اٹھایا جائے۔

حالیہ سفارتی کامیابی نے اس حوالے سے ایک نیا موقع فراہم کیا ہے کہ امریکہ' ایران اور مشرقِ وسطیٰ سمیت بیرونی دنیا کے ساتھ اپنے تعلقات کو ایک نئے تجارتی فریم ورک میں ڈھالا جائے۔ ایران سے سستی توانائی کے حصول کے منصوبوں کے علاوہ خلیجی اور مغربی ممالک کیساتھ تجارتی حجم میں اضافے کیلئے اس سیاسی ساکھ کو بروئے کار لایا جائے۔ آج کی دنیا اکنامک ڈپلومیسی کی طرف بڑھ رہی اور اب وہی ممالک اپنا مقام برقرار رکھ سکتے ہیں جو معاشی اور تجارتی طور پر خود کو ناگزیر بنائیں۔ لہٰذا اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے نئی برآمدی منڈیوں کی تلاش' دیرپا معاشی معاہدوں اور بڑے پیمانے پر براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کی کوشش کی جانی چاہیے۔ پاکستان کی اس عظیم سفارتی کامیابی کا پھل عام آدمی تک ضروریاتِ زندگی کے حصول میں آسانی' مہنگائی میں کمی اور روزگار کے نئے مواقع کی صورت میں پہنچنا انتہائی ضروری ہے۔ مضبوط دفاع' فعال سفارتکاری اور عوامی فلاح یکجا ہو کر ہی ایک حقیقی' مستحکم اور خوشحال پاکستان کی بنیاد رکھ سکتے ہیں۔

## کیا'' کشمیر بنے گا پاکستان'' کا نعرہ واقعی دفن ہو رہا ہے؟

شبیر احمد کاشر

ہم نے آنکھ کھولی تو ''کشمیر بنے گا پاکستان'' کا نعرہ سنا۔ سکول گئے تو سب سے پہلے یہی نعرہ سکھایا گیا، جلسوں میں یہی آوازیں بلند ہوئیں، گاؤں میں جب بھی کوئی سیاسی رہنما آتا تو پاکستان زندہ باد اور کشمیر بنے گا پاکستان کے فلک شگاف نعرے گونجتے۔ ایک پوری نسل نے اسی ماحول میں پرورش پائی۔ ہمیں یہی بتایا گیا کہ کشمیر کا مستقبل صرف پاکستان ہے، مگر افسوس یہ ہے کہ ہمیں اپنی ریاست جموں و کشمیر کی مکمل تاریخ، تہذیب، ثقافت اور سیاسی حقیقتوں سے شاید اتنا روشناس نہیں ہونے دیا گیا جتنا ہونا چاہیے تھا۔

ریاست جموں و کشمیر کی تاریخ پر لکھنے والے کئی مصنفین اور دانشوروں کی تحریریں عام لوگوں تک کم پہنچ سکیں۔ ایک مخصوص بیانیہ مسلسل غالب رہا اور کشمیریوں کی ذہن سازی بھی اسی رخ پر ہوتی رہی۔ لیکن وقت بدل گیا۔ سوشل میڈیا نے معلومات کے دروازے کھول دیے۔ اب ایک نوجوان اپنے موبائل فون میں دنیا دیکھ رہا ہے، سوال کر رہا ہے، اپنی تاریخ کھوج رہا ہے، اور اپنے مستقبل کے بارے میں سوچ رہا ہے۔

یہ حقیقت بھی کسی سے پوشیدہ نہیں کہ آزاد کشمیر کے لوگوں کے دلوں میں پاکستان اور پاکستانی عوام کے لیے بے پناہ محبت، عقیدت اور اپنائیت رہی ہے۔ اس خطے کے لوگوں نے ہمیشہ پاکستان کو اپنا سمجھا، یہاں تک کہ مقبوضہ کشمیر میں بھی بہت سے کشمیریوں نے اپنے شہداء کو پاکستانی جھنڈوں میں دفن کیا۔ کشمیری یہ امید رکھتے تھے کہ پاکستان ان کے سیاسی مستقبل، حقوق اور آزادی کے مسئلے پر ان کے ساتھ کھڑا ہوگا۔

لیکن وقت کے ساتھ ساتھ سوالات نے جنم لینا شروع کیا۔ ایک چھوٹا سا خطہ ہونے کے باوجود آزاد کشمیر میں بنیادی سہولیات کی صورتحال کیوں بہتر نہ ہو سکی؟ کیوں بہترین ہسپتال، جدید انفراسٹرکچر، مضبوط تعلیمی نظام اور سیاحت کے بڑے منصوبے وجود میں نہ آ سکے؟ آخر دہائیوں سے اقتدار میں رہنے والے نمائندے عوام کو کیا دے سکے؟ یہ سوال خاص طور پر نوجوان نسل میں شدت سے اٹھنے لگے۔

جب سوشل میڈیا آیا تو نوجوانوں نے خود اپنے علاقوں کو دنیا کے سامنے متعارف کروایا، سیاحت کو فروغ دیا، خوبصورت وادیوں کو ایکسپلور کیا اور لوگوں کو آزاد کشمیر آنے کی ترغیب دی۔ حالانکہ یہ کام حکومتوں کا تھا کہ وہ بہت پہلے اس خطے کو ترقی، سیاحت اور روزگار کا مرکز بناتیں۔

اسی مایوسی اور بڑھتے عوامی مسائل کے درمیان تقریباً تین سال قبل جموں کشمیر جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی سامنے آئی۔ ابتدا میں اس پلیٹ فارم کو عام کاروباری افراد، تاجروں اور شہریوں کی آواز سمجھا گیا، جو مہنگی بجلی، ٹیکسوں، مہنگائی اور بنیادی مسائل پر بات کر رہے تھے۔ رفتہ رفتہ لوگ ان کے ساتھ جڑتے گئے کیونکہ عوام کو محسوس ہوا کہ شاید کوئی تو ہے جو ان کے دکھ، ان کے مسائل اور ان کے بنیادی حقوق کی بات کر رہا ہے۔

یہ بھی حقیقت ہے کہ ایکشن کمیٹی اور حکومتی نمائندوں کے درمیان مختلف اوقات میں مذاکرات اور معاہدے ہوئے۔ بتایا گیا کہ مہاجرین جموں کشمیر کی نشستوں سمیت مختلف معاملات پر فریم ورک تیار ہوگا، چارٹر آف ڈیمانڈ کے نکات پر عملدرآمد ہوگا، اور عوامی مسائل حل کیے جائیں گے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ اگر معاہدے ہو چکے تھے تو ان پر عملدرآمد کیوں نہ ہوا؟ اگر عوامی نمائندے اور ذمہ داران مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ تھے تو وعدے کاغذوں تک محدود کیوں رہے؟ یہی وہ سوالات ہیں جنہوں نے عوامی بے چینی کو مزید بڑھایا۔

پھر 9 جون کے احتجاج اور لانگ مارچ کی کال سامنے آئی۔ لیکن ایک بڑا سوال یہ بھی اٹھتا ہے کہ جب احتجاج 9 جون کو ہونا تھا تو اس سے پہلے ہی حالات اس نہج تک کیوں پہنچے؟ آخر ایسی کیا ضرورت پیش آئی کہ لوگوں کو منتشر کرنے، گرفتار کرنے اور طاقت کے استعمال کی شکایات سامنے آئیں؟ مختلف علاقوں میں پیش آنے والے واقعات، فائرنگ اور جانی نقصان نے صورتحال کو مزید سنگین بنا دیا۔ متعدد افراد کی شہادتوں اور زخمی ہونے کی اطلاعات نے کشمیری معاشرے کو ہلا کر رکھ دیا۔

عوامی حلقوں میں یہ احساس شدت اختیار کرتا جا رہا ہے کہ اگر لوگ اپنے بنیادی حقوق، مہنگائی، روزگار، صحت اور حکمرانی کے مسائل پر آواز بلند کر رہے تھے تو ان کی بات سننے کے بجائے حالات کو تصادم کی طرف کیوں جانے دیا گیا؟ کیا یہ بہتر نہ تھا کہ معاہدوں پر سنجیدگی سے عمل کیا جاتا، مذاکرات کا راستہ اپنایا جاتا اور معاملات کو بگاڑنے کے بجائے سلجھایا جاتا؟

کشمیری ہمیشہ محبت، عزت اور خلوص کی زبان سمجھتے آئے ہیں۔ مگر جب طاقت، سختی اور بے اعتمادی کا احساس بڑھتا ہے تو دلوں میں سوال بھی جنم لیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج بہت سے لوگ یہ کہنے پر مجبور دکھائی دیتے ہیں کہ وہ نعرہ، جسے برسوں کشمیریوں کے دلوں میں محبت اور عقیدت کے ساتھ جگہ ملی ہوئی تھی، اب پہلے جیسا اثر نہیں رکھتا۔ بہت سے لوگوں کے نزدیک یہ تبدیلی کسی بیرونی سازش کا نہیں بلکہ پالیسیوں، وعدہ خلافیوں اور زمینی حقائق کا نتیجہ ہے۔

یہ وقت الزام تراشی یا جذباتی نعروں کا نہیں بلکہ سنجیدہ غور و فکر کا ہے۔ اگر کشمیریوں کے دل جیتنے ہیں تو انہیں صرف نعروں سے نہیں بلکہ انصاف، احترام، سیاسی دیانت، ترقی اور وعدوں کی تکمیل سے جیتا جا سکتا ہے۔ کیونکہ تاریخ یہی بتاتی ہے کہ قومیں طاقت سے نہیں، اعتماد سے جڑی رہتی ہیں۔

## علم اور بات کرنے کی طاقت۔ انسان کی اصل پہچان




دنیا میں بے شمار طاقتیں موجود ہیں۔ دولت کی طاقت، عہدے کی طاقت، جسمانی قوت کی طاقت اور سیاسی طاقت، مگر ان سب طاقتوں میں جو طاقت سب سے زیادہ دیرپا، مؤثر اور تعمیری ہے وہ علم اور بات کرنے کی طاقت ہے۔ علم انسان کو شعور عطا کرتا ہے جبکہ گفتگو کی صلاحیت اس شعور کو دوسروں تک منتقل کرنے کا ذریعہ بنتی ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ جن اقوام نے علم کو اپنا ہتھیار بنایا، وہ ترقی کی منازل طے کرتی چلی گئیں۔ علم انسان کو صحیح اور غلط میں فرق کرنا سکھاتا ہے، سوچ کے نئے دروازے کھولتا ہے اور زندگی کے پیچیدہ مسائل کا حل تلاش کرنے میں مدد دیتا ہے۔ ایک تعلیم یافتہ فرد نہ صرف اپنی ذات کو سنوارتا ہے بلکہ پورے معاشرے کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

اسی طرح بات کرنے کی طاقت بھی ایک غیر معمولی نعمت ہے۔ ایک اچھا مقرر اپنے الفاظ کے ذریعے دلوں کو جیت سکتا ہے، لوگوں کے خیالات بدل سکتا ہے اور معاشرے میں مثبت تبدیلی لا سکتا ہے۔ نرم لہجہ، مؤثر اندازِ گفتگو اور مثبت الفاظ انسان کی شخصیت کو نکھارتے ہیں۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ ایک درست وقت پر کہی گئی بات کسی کی زندگی کا رخ بدل دیتی ہے۔

علم اور گفتگو جب ایک ساتھ جمع ہو جائیں تو ان کی طاقت کئی گنا بڑھ جاتی ہے۔ علم کے بغیر گفتگو بے مقصد اور گفتگو کے بغیر علم محدود ہو جاتا ہے۔ ایک استاد اپنے علم کو الفاظ کے ذریعے شاگردوں تک پہنچاتا ہے، ایک صحافی اپنی تحریر اور گفتگو سے عوام کو آگاہ کرتا ہے اور ایک رہنما اپنی تقریر کے ذریعے قوم کو سمت دیتا ہے۔ آج کے دور میں سوشل میڈیا اور جدید ذرائع ابلاغ نے بات کرنے کی طاقت کو مزید وسعت دے دی ہے۔ اب ایک فرد اپنے خیالات چند لمحوں میں لاکھوں لوگوں تک پہنچا سکتا ہے۔ ایسے میں ضروری ہے کہ علم کی روشنی کے ساتھ ذمہ دارانہ گفتگو کو فروغ دیا جائے تاکہ معاشرے میں برداشت، شعور اور مثبت سوچ پروان چڑھے۔ حقیقت یہ ہے کہ انسان کی اصل طاقت نہ اس کے ہاتھ میں ہے اور نہ ہی اس کے مال و دولت میں، بلکہ اس کے علم اور اس کے الفاظ میں ہے۔ جو شخص علم حاصل کرتا ہے اور اپنے الفاظ کو خیر، سچائی اور انسانیت کی خدمت کے لیے استعمال کرتا ہے، وہی معاشرے میں حقیقی عزت اور کامیابی حاصل کرتا ہے۔ علم روشنی ہے اور گفتگو اس روشنی کو پھیلانے کا ذریعہ۔ جب یہ دونوں طاقتیں مثبت مقصد کے لیے استعمال ہوں تو فرد، معاشرہ اور قوم ترقی کی نئی منزلیں طے کرتی ہیں۔

## اٹھو! کہ حشر نہ ہوگا پھر کبھی

مولانا آفتاب عالم ندوی

مسئلہ صرف یہ نہیں کہ آر ایس ایس شہروں کے نام تبدیل کر رہی ہے، اس نے ہر میدان میں ہر سطح پر بھرپور جدوجہد کی، الگ الگ طبقات کیلئے ادارے قائم کئے،؟ انتظامیہ اور میدان سیاست کے؟ افراد سے لیکر سوچنے والے دماغ تک تیار کئے، آج ہر جگہ سنگھی سوچ کے لوگ موجود ہیں، عدلیہ، انتظامیہ، صحافت، پالیسی ساز ادارے، خفیہ ایجنسی ہر جگہ انکی فکر کے پرجوش لوگ موجود ہیں، آپ ملک کے خلاف انکے کسی عمل کو نہیں روک سکتے، سات سات صدی پرانی مسجدیں جج کے قلم سے ہندوؤں کے حوالہ کر دی جارہی ہے، اور پھر ہم اس فیصلہ کے خلاف عدالت ہی کی بات کرتے ہیں اور اسکے سوا کوئی چارہ بھی نہیں، اور ہے تو ملی مسائل کو حل کرنے کے روایتی طریقوں کے سوا ہمیں کچھ سوجھ بھی نہیں رہا ہے، وہی بیانات کہ یہ دستور کے؟ خلاف ہے، یہ سیکولر روح کے منافی ہے، یہ کسی بھی طرح قابل قبول نہیں، اسے ہم مسترد کرتے ہیں، اور احتجاجی کچھ پروگرام، کبھی کبھار دھرنا، پھر دستخطی مہم، اور چار اور ساڑھے چار کروڑ دستخط اور پھر پارلمنٹ میں مسلم پرسنل لا، تین طلاق اور وقف کے خلاف قانون پاس ہو جاتا ہے، کہیں اسٹیٹ کسی ملزم کو گولی مروا دیتا ہے، کہیں ایک معمولی بیان کی وجہ سے گرفتاری، ٹارچر اور تذلیل، پانچ منٹ کی نماز اور اذان پر پابندی، ہم اپنے آقا فداہ ابی وامی سے تعلق کا اظہار نہیں کر سکتے، اسلام کی بات کرنے والوں کا حشر ہم دیکھ رہے ہیں، کچھ بول نہیں سکتے، کچھ لکھ نہیں سکتے، اعلانیہ مسلسل اسلام اور محمد عربی کی شان میں گستاخیاں کی جارہی ہیں، گالیاں دی جارہی ہیں، اور ایف آئی آر بھی درج نہیں کیا جا رہا ہے، جبکہ ہم عہدوں اور اپنے مفاد کیلئے کچھ بھی کر سکتے ہیں، مخالفین کے خلاف شرافت اور اسلامی و انسانی قدروں کو پامال کرتے ہیں،؟ ذاتی ناپسندیدگی کی وجہ سے کسی کو نیچا دکھانا، ذلیل کرنا کارے ثواب سمجھا جارہا ہے ،، بہت پہلے تمام اہل فکر و نظر کو دو چار روز بیٹھنا چاہئے تھا اور آج کی خطرناک صورت حال میں قوم مسلم کو کیا کرنا ہے اور جس طوفان میں یہ گھر گ ء ہے اس سے نکلنے کا طریق؟ کار کیا ہو یہ طے کرنا چاہئیے تھا، آسام، اور اترا کھنڈ میں بطور خاص جس طرح ڈھٹائی کے ساتھ مساجد، مدارس اور مسلم اوقاف وجائیدادوں پر بلڈوزر چلائے جارہے ہیں اور غصب کئے جارہے ہیں اسے دنیا دیکھ رہی ہے، آسام کی طرح اترا کھنڈ میں بھی سارے سرکاری مدرسے ختم کردیئے گئے ہیں، اور اس سے پہلے آدی واسیوں کو مستثنی کرکے یونیفارم سیول کوڈ نافذ کردیا گیا ہے، پرسنل لا بورڈ کا بنیادی مقصد حکومت کی طرف سے مسلم پرسنل لا میں مداخلت کو روکنا ہے، معلوم نہیں بورڈ اترا کھنڈ کے اس یونیفارم کے خلاف کیا کررہا ہے، جب ہمارا پرانا طریق؟ کار غیرمؤثر ہوگیا ہے تو کیا ابھی بھی وقت نہیں آیا ہیکہ مسلم قیادت سرجوڑ کر بیٹھے!!؟؟؟

ملت مولانا سید ارشد مدنی دامت برکاتہم کو جانشین شیخ الاسلام کے مؤقر لقب سے پکارتی ہے، یہ ایک تاریخی موقع ہیکہ حضرت آگے بڑھکر اس خطرناک اژدہا سے ملت کو بچانے کیلئے سرگرم ہوں جو منہ پھاڑے ہماری طرف بڑھ رہا ہے، مسئلہ صرف نہ مساجد کا ہے نہ مدارس کا، نہ اکاؤنٹر کا، خطرہ میں ہمارا ملی وجود ہے، نہ ہماری عبادت گاہیں بچیں گی، نہ تعلیم گاہیں، نہ ہمارے پرکھوں کے مزارات، نہ ہماری داڑھی برداشت ہورہی ہے، نہ ہماری ماؤں اور بہنوں کے برقعے، ظالم نشانے مزار بھی مٹادینا چاہتا ہے، موجودہ وقت میں ملت اسلامیہ بڑی امیدوں سے آپکی طرف دیکھ رہی ہے، پورے ملک سے ہر مسلک، ہر مکتب؟ فکر، ہر برادری کے نمائندوں کو بلاکر بٹھائیں اور کوئی لائح؟ عمل طے کیا جائے، ملت اسلامیہ آپکے اس تاریخی رول کو ہمیشہ درکھے گی؟، آج کے سخت حالات میں ملت کی کشتی کو کنارے لگانے اور خطرہ سے پنجہ آزمائی کی جس میں اہلیت ہے اسی کی ذمہ داری ہیکہ سود وزیاں سے بے پرواہ ہوکر آگے بڑھے اور ملت کیلئے پہلو میں دھڑکنے والا دل رکھنے والوں کو ساتھ لیکر پریشان حال اور ڈری سہی قوم کو عزم وحوصلہ دے، سیاست سے ہمارے بزرگ برابر اعلان برائت کرتے ہیں جبکہ سیاست کے بغیر نہ کوئی مثبت کام ہوسکتا ہے اور نہ کسی منفی کام کی روک تھام ممکن ہے، اس زاویہ سے بھی غور کیا جائے۔

## بدلاؤ

تحریر: فاطمہ عمر (فیصل آباد)

رامش بارہ سال کا تھا۔ وہ اپنے والدین کا اکلوتا اور لاڈلا بیٹا تھا۔ رامش اپنی خوش مزاجی اور رحم دلی کے لیے مشہور تھا۔ وہ سب کے ساتھ اچھے سے بات کرتا اور بڑوں کی عزت اور احترام کرتا تھا۔ ان سب خوبیوں کے ساتھ ایک کمی تھی کہ رامش تنظیم وقت کی اہمیت نہیں سمجھتا تھا۔ وہ اپنے وقت کے صحیح استعمال میں بہت کمزور تھا۔ اسی وجہ سے اکثر خود کو پریشانی میں پاتا۔ وہ گھنٹوں ویڈیو گیمز میں مصروف رہتا اور یوں اس کے پاس اسکول کے کام کا ڈھیر لگ جاتا۔ اپنے اچھے ارادوں کے باوجود اس کے پاس ہمیشہ وقت کم ہوتا، جس کی وجہ سے اسکول کے کام میں جلدی ہوتی اور کافی کام نامکمل رہ جاتا۔ اس کے اساتذہ اس کے بارے میں بہت فکرمند تھے اور اس کے والدین بھی اس بات سے پریشان رہتے۔ مگر رررامش! رامش اپنا راستہ بدلنے کے لیے بالکل تیار نہیں تھا۔ ایک دن اس کے دادا نے، جو ایک دانا بزرگ تھے اس کو اپنے پاس بلایا۔ گرمیوں کی چھٹیاں تھیں تو رامش خوشی خوشی اپنے دادا کے گھر چھٹیاں گزارنے پہنچ گیا۔ دادا نے اس کا گرم جوشی سے استقبال کیا۔ ایک دن وہ اسے کچن کی طرف لے گئے۔ وہاں میز پر ایک شیشے کا جار رکھا تھا اور ساتھ ہی ایک ٹوکری میں کچھ بڑے پتھر، کنکریاں اور ریت تھی۔ رامش اُن چیزوں کو دلچسپی سے دیکھ رہا تھا۔

''رامش! میں چاہتا ہوں کہ تم اس جار کو ٹوکری میں موجود ہر چیز سے بھر دو۔'' اس کے دادا نے ہدایت کی۔ رامش نے شوق سے پہلے ریت اور اس کے بعد کنکریاں جار میں ڈالیں۔ جب اس نے پتھر ڈالنے شروع کیے تو ان کے لیے جار میں جگہ نہیں تھی۔

رامش نے کہا دادا جان! لیجیے میں نے جار بھر دیا۔ دادا نے باقی بچے پتھروں کی جانب اشارہ کیا۔ جس پر رامش نے پریشانی سے اپنے دادا کی طرف دیکھا۔ دادا جان آگے بڑھے اور انہوں نے جار کو پھر سے خالی کر دیا اور سب سے پہلے بڑے پتھر جار میں ڈالے، پھر کنکریاں ڈالیں جو پتھروں کے درمیان جگہ میں سما گئیں۔ آخر میں انھوں نے ریت ڈالی جو کنکریوں کے درمیان خلاء میں بھر گئی۔ رامش حیرت زدہ رہ گیا کہ سب کچھ جار میں سما گیا تھا۔

" رامش! یہ جار آپ اور آپ کے وقت کی نمائندگی کرتا ہے۔" اس کے دادا نے وضاحت کی۔ "بڑے پتھر آپ کی زندگی کی اہم چیزیں ہیں جیسے اسکول کا کام، خاندان اور آپ کی صحت، کنکریاں دیگر ترجیحات ہیں جیسا کہ آپ کے شوق اور دوستیاں وغیرہ اور رہی ریت تو یہ آپ کی زندگی کی چھوٹی چھوٹی چیزوں کی نمائندگی کرتی ہے۔ اگر آپ اپنا وقت پہلے چھوٹے موٹے کاموں میں لگا دو گے تو آپ کے پاس اپنے ضروری کام کرنے کی گنجائش نہیں رہے گی لیکن اگر آپ پہلے اپنے اہم کاموں کو ترجیح دو گے تو دوسرے کاموں کے لیے خود ہی وقت نکل آئے گا۔

دادا جان نے رامش کو وقت کی اہمیت سمجھائی۔ پھر انہوں نے رامش کی ٹائم ٹیبل بنانے میں مدد کی جس میں اسکول کے کام، کھیل کود، کام کاج اور خاندانی سرگرمیوں کے لیے وقت مقرر کیا۔ تنظیم وقت کی اہمیت جاننے اور اس پر عمل کرنے سے رامش کے معاملات زندگی سنبھلنے لگے۔ امتحان میں نمبر بہت اچھے آئے۔ اس کے اساتذہ بھی اس کی اس شخصیت سے متاثر ہوئے۔ ایک دن اس کی استانی نے اس سے کہا کہ وہ اپنے اس بدلاؤ کا راز بتائے تو رامش نے بڑے فخر سے جار، پتھر، کنکر اور ریت کی کہانی سنائی۔ اس کے ہم جماعتوں نے توجہ سے سنا، اور ان میں سے بہت سے بچوں نے بھی یہ طریقہ اختیار کرنے کا فیصلہ کیا۔ یوں رامش کے اس بدلاؤ نے اس کے ساتھی طلباء کو بہت متاثر کیا اور ان کی زندگیوں پر مثبت اثرات مرتب کیے۔

## ہوم اسکولنگ پاکستان میں تیزی سے پھیلتا ہوا نیا رجحان

ہوم اسکولنگ یعنی گھریلو تعلیم آج پاکستان میں تیزی سے پھیلتا ہوا ایک طاقتور رجحان ہے یہ ہمارے روایتی تعلیمی نظام کی گہری ناکامیوں کا واضح اور دردناک آئینہ ہے یہ والدین کے لیے ایک ذمہ دارانہ اور بہادر انتخاب ثابت ہو سکتا ہے بشرطیکہ اسے سوچ سمجھ کر اپنایا جائے

موجودہ دور میں جب تعلیم پر حکومت صرف 8.0 فیصد جی ڈی پی خرچ کر رہی ہے جو گزشتہ برسوں کے مقابلے میں نصف سے بھی کم ہو چکا ہے جبکہ شرح خواندگی محض 63 فیصد تک پہنچی ہے اور تقریباً 28 فیصد بچے اب بھی اسکولوں سے باہر ہیں ایسی دل دہلا دینے والی صورتحال میں مڈل اور اپر مڈل کلاس کے اعلیٰ تعلیم یافتہ والدین روایتی کلاس رومز استاد مرکز تعلیم بچوں کی تخلیقی صلاحیتوں کے قتل بداخلاقی اور ناقص نصاب سے تنگ آ کر گھریلو تعلیم کی طرف مائل ہو رہے ہیں

پاکستان جرنل آف سوشل سائنس ریویو کی ایک اہم تحقیق کے مطابق یہ والدین خالص تعلیمی وجوہات کی بنا پر یہ فیصلہ کرتے ہیں نہ کہ محض نظریاتی بنیادوں پر وہ اسکولوں کو سخت ساختہ اور بچوں کی آزادی کو کچلنے والا سمجھتے ہیں جبکہ گھر کی چار دیواری میں بچہ اپنی رفتار دلچسپی اور صلاحیت کے مطابق ویڈیوز آن لائن کھیلوں اور جدید ڈیجیٹل وسائل سے آزادانہ سیکھتا ہے اس عمل سے والدین اور بچوں کا رشتہ ناقابلِ تسخیر ہو جاتا ہے بچوں میں علم کی پیاس بڑھتی ہے شخصیت کی مکمل نشوونما ہوتی ہے اور خاندانی اقدار مضبوط ہوتی ہیں

کراچی کی متعدد مائیں جو اسکول چھوڑ کر گھریلو تعلیم دے رہی ہیں کہتی ہیں کہ اسکول میں بچہ رٹا لگانے والی مشین بن جاتا تھا مگر گھر پر وہ تخلیقی سوچ اعتماد اور دلچسپی کے ساتھ سیکھ رہا ہے معاشی اعتبار سے بھی یہ ایک بڑا ریلیف ہے کیونکہ ماہانہ اسکول فیس ٹرانسپورٹ یونیفارم اور دیگر اخراجات سے لاکھوں روپے بچتے ہیں خاص طور پر اس وقت جب نجی تعلیم کی لاگت آسمان چھو رہی ہے

کراچی میں گھریلو تعلیم کے تعاون گروپس یعنی کوآپریٹوز کا رجحان بھی تیزی سے بڑھ رہا ہے جہاں کئی خاندان مل کر گروپ سرگرمیاں آن لائن ہدایات اور ورکشاپس کا اہتمام کرتے ہیں یہ بچوں کو ہم عمر دوستوں سے ملنے کا موقع دیتے ہیں اور سماجی تنہائی کے مسئلے کو حل کرنے میں مددگار ہیں

عالمی سطح پر کورونا وبا کے بعد یہ رجحان مزید پھیلا مگر پاکستان کے تناظر میں یہ ہمارے ناقص تعلیمی نظام کا ایک مضبوط متبادل بن سکتا ہے جہاں لاکھوں بچے تعلیم سے محروم ہیں اساتذہ کی تربیت ناکافی ہے اور نصاب تخلیقی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے کی بجائے رٹا لگانے پر مجبور کرتا ہے

مگر حقیقت یہ ہے کہ گھریلو تعلیم بغیر چیلنجز کے نہیں سب سے بڑا مسئلہ سماجی تعامل کی کمی ہے بچے ہم عمر دوستوں سے کم ملتے ہیں جو شخصیت کی نشوونما کے لیے ناگزیر ہے والدین پر بہت بڑا بوجھ پڑتا ہے خاص طور پر کام کرنے والے والدین یا ان کے لیے جن کے پاس تعلیم دینے کا کافی تجربہ نہیں سماجی دباؤ بھی شدید ہے کہ بچہ 'نارمل' بچوں سے مختلف تو نہیں ہو جائے گا پاکستان میں گھریلو تعلیم کا کوئی واضح قانونی فریم ورک نہیں جس کی وجہ سے بورڈ امتحانات اعلیٰ تعلیم میں داخلے اور تسلیم شدگی میں مشکلات پیدا ہوتی ہیں اگر والدین خود ذمہ دار نہ ہوں تو بچے کی تعلیم شدید متاثر ہو سکتی ہے اسکرین ٹائم کا زیادہ استعمال اور جسمانی سرگرمیوں کی کمی بھی بچوں کی مجموعی نشوونما پر منفی اثر ڈال سکتی ہے

میرے خیال میں حکومت کو فوری طور پر گھریلو تعلیم کے لیے رہنما اصول آن لائن نصاب مساوی سرٹیفکیشن اور امتحانی سہولیات فراہم کرنی چاہئیں تاکہ یہ نظام منظم اور قابلِ رسائی بن سکے روایتی تعلیمی نظام کو بھی انقلاب کی ضرورت ہے اساتذہ کی تربیت کریں نصاب کو تخلیقی اور اخلاقی اقدار سے مالا مال کریں اور بنیادی سہولیات کو یقینی بنائیں تاکہ والدین کو گھریلو تعلیم کی طرف جانے کی مجبوری نہ پڑے

آخر میں میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ گھریلو تعلیم کوئی جادوئی حل نہیں بلکہ ایک سوچا سمجھا اور ذمہ دارانہ انتخاب ہے اگر والدین تیار ہوں وسائل دستیاب ہوں اور سماجی سرگرمیاں متوازن رکھی جائیں تو یہ ہمارے بچوں کے روشن مستقبل کا ذریعہ بن سکتی ہے ورنہ یہ ایک عارضی تجربہ بھی ثابت ہو سکتی ہے

تعلیم ہی قوم کی تقدیر بدلنے کا سب سے طاقتور ہتھیار ہے چاہے وہ گھر کی چار دیواری ہو یا اسکول کی عمارت اس رجحان کو سمجھنا اس کے مثبت پہلوؤں کو اپنانا اور نظام تعلیم کو بہتر بنانا آج کی سب سے بڑی ضرورت ہے

والدین! اس فیصلے سے پہلے اچھی تحقیق کریں ماہرین سے مشورہ کریں اور بچے کی فلاح و بہبود کو ہر چیز پر مقدم رکھیں کیونکہ آج کا بچہ کل کا پاکستان بنائے گا اور اس کی تعلیم پر آج کا فیصلہ قوم کے پورے مستقبل کا تعین کرے گا

## عورت: تقدس، تخلیق اور کائنات کا سب سے خوبصورت احساس

? کائنات کے کینوس پر اگر تخلیق کار کے شاہکار کو دیکھنا ہو، تو عورت کے وجود کو دیکھیے۔ عورت محض ایک نام، ایک صنف یا مٹی کا ایک بت نہیں ہے، بلکہ یہ اس کائنات کے حسن، بقا، اور محبت کا دوسرا نام ہے۔ تخلیقِ کائنات کا پورا تسلسل، کائنات کا سارا سکون اور زندگی کا تمام تر رنگ عورت ہی کے دم قدم سے ہے۔ لیکن جب ہم تاریخ کے پُرپیچ راستوں اور معاشرے کے رویوں پر نظر دوڑاتے ہیں، تو ایک تلخ سوال دل پر دستک دیتا ہے کہ: کیا ہم نے اس وجود کو وہ عزت، وقار اور مقام دیا جس کی وہ مستحق تھی؟ عورت کی عزت کسی پر کوئی احسان نہیں، بلکہ یہ انسانیت کی بقا کی پہلی اور آخری شرط ہے۔

عورت کے وجود کو سمجھنے کے لیے کسی فلسفے کی ضرورت نہیں، بس اس کے مختلف روپ دیکھ لینا ہی کافی ہے۔ جب وہ ماں بنتی ہے، تو کائنات کا سب سے بڑا مرتبہ یعنی "تخلیق" اس کے سپرد کر دیا جاتا ہے۔ وہ اپنے خون سے ایک نئی زندگی کو سینچتی ہے، اپنی نیندیں قربان کر کے معاشرے کو ایک انسان تحفے میں دیتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ خالقِ کائنات نے جنت کو کسی بادشاہ کے محل میں نہیں، بلکہ ماں کے قدموں تلے بچھا دیا۔ ایک ماں کی عزت کرنا دراصل اس کائنات کے سب سے پاکیزہ رشتے کے سامنے سرِ تسلیم خم کرنا ہے۔

پھر وہی عورت جب بہن کے روپ میں سامنے آتی ہے، تو وہ ایک مان، ایک ٹھنڈی چھاؤں اور بے غرض محبت کا استعارہ بن جاتی ہے۔ بہن کا وجود گھر کے آنگن میں برکت کا باعث ہوتا ہے۔ اور جب وہ بیٹی بن کر کسی کے گھر کو روشن کرتی ہے، تو رحمتِ الٰہی کا مژدہ بن کر آتی ہے۔ وہ باپ جو دنیا بھر کی سختیوں سے لڑتا ہے، اپنی بیٹی کی ایک مسکراہٹ پر اپنا سب کچھ وار دینے کو تیار ہو جاتا ہے۔ بیٹی کی عزت و تربیت کرنا اسلام میں جہنم سے آزادی کا پروانہ قرار دیا گیا ہے۔

جب زندگی اپنے اگلے پڑاؤ پر پہنچتی ہے، تو عورت شریکِ حیات (بیوی) کا روپ دھار لیتی ہے۔ یہ وہ روپ ہے جہاں وہ اپنا مان، اپنا نام، اپنا گھر بار سب کچھ چھوڑ کر ایک نئے انسان کے خوابوں کو سجانے چلی آتی ہے۔ وہ مرد کے سکھ دکھ کی ساتھی بنتی ہے، اس کے گھر کو گھر بناتی ہے اور اسے ایک ایسا سکون فراہم کرتی ہے جو دنیا کا کوئی مال و زر نہیں خرید سکتا۔ قرآن نے اس رشتے کو "ایک دوسرے کا لباس" کہا ہے، اور لباس کا کام ہی پردہ رکھنا، خوبصورتی بخشنا اور سرد گرم سے بچانا ہے۔

لیکن افسوس کہ جس وجود کو اللہ نے اتنے اعلیٰ مرتبے پر فائز کیا، معاشرے نے اکثر اسے اپنی انا، اپنی فرسودہ روایتوں اور کمزور سوچ کی بھینٹ چڑھا دیا۔ عورت کی عزت صرف یہ نہیں ہے کہ اس کے لیے شاعری لکھی جائے، یا سال میں ایک دن اس کے نام کر دیا جائے۔ عورت کی حقیقی عزت یہ ہے کہ اسے ایک آزاد، خود مختار اور محترم انسان تسلیم کیا جائے۔ اسے تعلیم کا حق دیا جائے، اسے اپنے فیصلے کرنے کی آزادی ہو، اور سب سے بڑھ کر اسے ایک ایسا ماحول دیا جائے جہاں وہ خود کو محفوظ محسوس کر سکے۔

ایک مرد کی مردانگی کا اندازہ اس بات سے نہیں ہوتا کہ وہ کتنی طاقت کا مالک ہے یا وہ کتنوں پر حکم چلاتا ہے، بلکہ اس کا اصل امتحان یہ ہے کہ اس کے پاس موجود عورت (چاہے وہ ماں ہو، بہن ہو، بیوی ہو یا بیٹی) خود کو کتنا محفوظ اور محترم سمجھتی ہے۔ مرد کی غیرت کا تقاضا عورت پر پہرے بٹھانا نہیں، بلکہ اس کے خوابوں کو اڑان دینا اور اس کے وقار کی حفاظت کرنا ہے۔

آیئے آج اپنے گریبانوں میں جھانکیں اور عہد کریں کہ ہم عورت کو کمزور نہیں، بلکہ کائنات کی سب سے طاقتور اور خوبصورت سچائی مانیں گے۔ عورت کی عزت کائنات کی عزت ہے، تہذیب کی عزت ہے، اور ہماری اپنی بقا کی عزت ہے۔ جب تک ہم عورت کو اس کا جائز مقام اور احترام نہیں دیں گے، ہمارا معاشرہ کبھی ترقی کی شاہراہ پر گامزن نہیں ہو سکتا۔

عورت کا احترام کیجیے، کیونکہ وہ محبت کا وہ دریا ہے جو کائنات کو سیراب کرتا ہے، اور دریا اگر سوکھ جائیں تو بستیاں اجڑ جایا کرتی ہیں۔

## اولاد کی تربیت وقت کی سب سے بڑی ضرورت ہے

معاشرے کی تعمیر و تشکیل میں خاندان بنیادی اکائی کی حیثیت رکھتا ہے اور خاندان کی بنیاد اولاد کی صحیح تربیت پر استوار ہوتی ہے۔ اگر اولاد نیک، باکردار اور ذمہ دار ہو والدین کے لیے بھی نیک نامی کا باعث بنتی ہے اور معاشرے میں اس کی اچھے پیرائے میں مثالیں بھی دی جاتی ہیں۔ غیر ذمہ دار اور بگڑی ہوئی اولاد کی مثالیں بھی دی جاتی ہیں مگر عبرت حاصل کرنے کے لیے۔ بدقسمتی سے آج کا دور ایسا دور بن چکا ہے جہاں والدین اپنی معاشی مصروفیات، روزگار کی دوڑ اور دنیاوی الجھنوں میں اس قدر الجھ چکے ہیں کہ انہیں اپنی اولاد کی فکری، اخلاقی اور سماجی تربیت کے لیے مطلوبہ وقت میسر نہیں آتا۔ یہی غفلت بعض اوقات ایسے المناک نتائج کو جنم دیتی ہے جن کا ازالہ عمر بھر ممکن نہیں ہوتا۔

موجودہ معاشرتی حالات میں سب سے زیادہ توجہ اس عمر کے بچوں پر دینے کی ضرورت ہے جو بچپن اور جوانی کے درمیان کے مرحلے سے گزر رہے ہیں۔ بارہ سے اٹھارہ برس کی عمر وہ نازک دور ہے جب شخصیت تشکیل پا رہی ہوتی ہے، جذبات غالب ہوتے ہیں اور صحیح و غلط کے درمیان تمیز ابھی مکمل طور پر پختہ نہیں ہوتی۔ یہی وہ عمر ہے جب نوجوان دوسروں کی زندگیوں سے متاثر ہوتے ہیں اور ان کے دل میں مختلف خواہشات جنم لیتی ہیں۔ اگر اچھا ماحول اور بہتر راہنمائی انہیں میسر آ جائے تو زندگی سنور جاتی ہے۔ بصورتِ دیگر شخصیت بگڑنے کے سو فیصد مواقع ہوتے ہیں۔

سوشل میڈیا، موبائل فون اور مادہ پرستی نے نوجوان نسل کی نفسیات پر گہرے اثرات مرتب کیے ہیں۔ آج ایک غریب گھر کا نوجوان بھی اپنے موبائل کی سکرین پر وہی آسائشیں دیکھتا ہے جو بڑے بڑے سرمایہ داروں کے بچوں کو حاصل ہیں۔ مہنگی گاڑیاں، قیمتی لباس، پُرتعیش طرزِ زندگی اور عیش و عشرت کے مظاہر اس کے ذہن میں خواہشات کا ایک طوفان برپا کر دیتے ہیں۔ پُرتعیش زندگی گزارنا ہر نوجوان کی فطری خواہش ہوتی ہے۔ جب گھر کے حالات ان خواہشات کی تکمیل کی اجازت نہیں دیتے تو بعض نوجوان جلد بازی، غلط صحبت یا غیر قانونی راستوں کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔ بعض نوجوان منشیات فروشوں کے آلہ کار بھی بن جاتے ہیں اور قوم کی رگوں میں اندھیرا بھرنے والوں کی سہولت کاری کرنے لگتے ہیں۔ ان میں سے اکثر خود بھی منشیات کی لت میں مبتلا ہو کر اپنی زندگی کو تباہ کرنے کے علاوہ والدین کے خواب بھی چکنا چور کر دیتے ہیں۔

یہ حقیقت کسی سے پوشیدہ نہیں کہ اولاد کی تربیت صرف کھانے، پینے اور تعلیم دلانے کا نام نہیں بلکہ ان کی دوستیوں، سرگرمیوں، معمولات اور ذہنی رجحانات پر بھی نظر رکھنا والدین کی ذمہ داری ہے۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ بعض والدین اس وقت جاگتے ہیں جب حالات ان کے اختیار سے نکل چکے ہوتے ہیں۔ تب بدنامی دروازے پر دستک دے رہی ہوتی ہے اور خاندان عدالتوں، تھانوں اور کچہریوں کے چکروں میں الجھ جاتا ہے۔

ہمارے معاشرے میں بعض ایسے واقعات بھی سامنے آتے ہیں جن میں حقیقت اور افواہ کا فرق مٹ جاتا ہے۔ جذباتی ماحول، سنی سنائی باتیں اور فوری فیصلے بعض اوقات ایسے افراد کو بھی مشکلات میں مبتلا کر دیتے ہیں جو حقیقتاً قصوروار نہیں ہوتے۔ اس لیے ضروری ہے کہ ہر الزام کو تحقیق اور شواہد کی کسوٹی پر پرکھا جائے۔ انصاف کا تقاضا یہی ہے کہ مجرم کو سزا ملے لیکن کسی بے گناہ کی عزت اور وقار بھی محفوظ رہے۔ اس ضمن میں میڈیا اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ذمہ داری بھی غیر معمولی ہے۔ خبر کی دوڑ میں بعض اوقات ایسی معلومات نشر کر دی جاتی ہیں جن کی مکمل تصدیق نہیں ہوئی ہوتی۔ بعد ازاں اگر حقائق مختلف ثابت ہوں تو متاثرہ فرد کی ساکھ اور عزت کو پہنچنے والا نقصان واپس نہیں آتا۔ کئی نوجوان صرف بدنامی کے خوف سے شدید ذہنی دباؤ کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اس لیے صحافت کا بنیادی اصول تحقیق، احتیاط اور ذمہ داری ہونا چاہیے، نہ کہ محض سنسنی خیزی۔

والدین کے لیے سب سے مؤثر راستہ یہی ہے کہ وہ اپنی اولاد کے ساتھ دوستانہ تعلق قائم کریں۔ بچے کو یہ احساس ہونا چاہیے کہ اس کی مشکلات، خواہشات اور پریشانیاں سننے والا کوئی موجود ہے۔ جب گھر کا ماحول اعتماد، محبت اور رہنمائی سے بھرپور ہو تو نوجوان غلط راستوں کی طرف کم مائل ہوتے ہیں۔ اگر کسی خواہش کی تکمیل فوری طور پر ممکن نہ ہو تو والدین بچوں کو صبر، محنت اور جدوجہد کی اہمیت سمجھائیں تاکہ وہ وقتی لالچ کی بجائے مستقل کامیابی کا راستہ اختیار کریں۔

حقیقت یہ ہے کہ آج کے دور میں اولاد کو جائیداد، دولت یا آسائشوں سے زیادہ اچھی تربیت کی ضرورت ہے۔ والدین اگر اپنی مصروفیات میں سے کچھ وقت بچوں کے لیے نکال لیں، ان کی صحبت، دوستوں اور سرگرمیوں پر نظر رکھیں اور انہیں دین، اخلاق اور کردار کی مضبوط بنیاد فراہم کریں تو معاشرے کے بہت سے مسائل خود بخود حل ہو سکتے ہیں۔ قوموں کا مستقبل ان کے نوجوانوں سے وابستہ ہوتا ہے۔ اگر ہم اپنی نئی نسل کو صحیح سمت دے سکیں تو کل کا پاکستان زیادہ محفوظ، مہذب اور روشن ہوگا۔ بصورت دیگر غفلت کی قیمت نہ صرف خاندانوں کو بلکہ پورے معاشرے کو ادا کرنا پڑے گی۔

## خواہشوں کا سمندر (قسط 7)

ازقلم: نرجس خاتون

کسی بورڈ پر آنکھ بنا ڈالی تو کہیں جھولے پر بیٹھی ایک چھوٹی بچی کی تصویر، کہیں درختوں کی ٹہنیوں پر بیٹھے پرندے تو کہیں پری کی مانند ایک خوبصورت لڑکی جو خوبصورت لباس میں پیراستہ تھی_ اسی طرح ایک منظر "جنت کا سماں" بیان کر رہا تھا_

مقدس نے گلناز کی مدد سے اپنی تصاویر بیچنے کا ارادہ کیا_ گلناز مقدس کی بنائی ہوئی تصاویر اپنے موبائل کے ذریعے انٹرنیٹ پر ڈال دیتی تھی (کیونکہ مقدس کے پاس اپنا موبائل نہیں تھا)_

مقدس کی بنائی ہوئی تصاویر آہستہ آہستہ بکنے لگیں اور اب اسے بڑے بڑے آرڈر ملنے لگے_

مقدس نے اپنی محنت کے بلبوتے پر ایک موبائل خریدا اور اپنی والدہ کا علاج بھی کروایا_ گلناز کبھی کبھار پیسوں کے ذریعے مقدس کی مدد کرنا چاہتی لیکن مقدس گلناز کی امداد لینے سے انکار کر دیتی تھی کیونکہ اسے زندگی گزارنے کی اک راہ مل گئی تھی_

روزانہ شام کے وقت مقدس گلناز کے گھر چلی جاتی تھی اور گلناز کو ٹانگوں کی ورزش کرنے میں اس کی مدد کرتی تھی_

مقدس گلناز کو وہیل چیئر سے اٹھا کر اس کے چلنے پھرنے میں بھی اس کی مدد کرتی تھی_

اسی طرح کچھ ماہ بیت گئے_ اب گلناز خود بخود اپنی ٹانگوں پر کھڑی ہو سکتی تھی_ یہ صرف اور صرف مقدس کی بدولت ممکن ہوا تھا_ کیونکہ مقدس نے گلناز کو جینے کی اک راہ دکھائی تھی_ بیدارا بھی مقدس سے بہت خوش ہوئی اور اس سے حسن سلوک سے پیش آتی رہی_

رات کے وقت تنہائی کے لمحوں میں اپنے گھر کی سیڑھیوں پر بیٹھی مقدس چائے کے گھونٹ بھرتی، ساتھ آسمان کو تکتی بڑبڑانے لگی:

پیارے اللہ! میں کتنی غلط سوچ رکھتی تھی کہ میں ایک کمتر اور غریب لڑکی ہوں_ آپ نے میرے اندر اتنا زبردست ہنر رکھا ہے_ اگر میں اپنے اندر کے اس ہنر کو پہچان نہ پاتی تو شاید کبھی بھی اپنے پاؤں پر کھڑی نہیں ہو سکتی تھی_ آج میں ایک پُرسکون زندگی بسر کر رہی ہوں تو صرف آپ کی وجہ سے_

"بہت شکریہ پیارے اللہ جی! مجھے کامیابی کی اک راہ دکھانے کا"

آخری الفاظ اونچی آواز میں کہتے ہوئے مقدس مسکراتی ہوئی سیڑھیوں سے اٹھ گئی_

سیڑھیوں کے زینے پر پڑا چائے کا کپ چاند کی روشنی سمیٹے تنہا پڑا رہ گیا_

" کوئی بھی انسان نامکمل نہیں ہوتا_ خدا نے ہر انسان کے اندر کوئی نہ کوئی خوبی، کوئی نہ کوئی ہنر ضرور رکھا ہوتا ہے_ اب یہ انسان کے اپنے اوپر منحصر ہے کہ وہ اپنے اندر کی خوبیوں کو کیسے پہچانتا ہے"

ایک سال بعد:

گلناز شاپنگ بیگز ہاتھ میں اٹھائے راستے پر چلتی جارہی تھی کہ سڑک کنارے بیٹھے کسی فقیر نے جس نے کالے رنگ کی شال اوڑھ رکھی تھی مدد کے لیے پکارا_

گلناز نے پرس سے کچھ پیسے نکالے اور پیچھے کو مڑی_ فقیر کو دیکھ کر وہ ایک دم چونکی_ لمبے بال، بڑھی ہوئی شیو، فقیرانہ حلیہ وہ اور کوئی نہیں تھا وہ ارحم تھا_

گلناز ارحم کو پہچانتے ہی واپس مڑی اور اپنے راستے چل پڑی_

ارحم بھی اپنی جگہ سے اٹھا اور گلناز کے پیچھے لپکا_

گلناز ایک دفعہ میری بات سنو_ گلناز ہنوز چلتی رہی اور پیچھے کی جانب نہیں مڑی_

گلناز مجھے تمہاری بددعا لگ گئی ہے_ میری فیکٹری میں آگ لگنے کی وجہ سے میرا کاروبار تباہ ہوگیا ہمارے گھر کی نیلامی ہوگئی_ میری ماں یہ صدمہ برداشت نہ کرسکیں اور وفات پاگئیں اور میری یہ حالت ہوگئی_ ارحم بیدھڑک بولتا رہا مجھے معاف کردو_

گلناز چلتے چلتے اپنی گاڑی کے قریب پہنچ گئی_ گاڑی کا دروازہ کھولا اور پیچھے کو مڑی_ ارحم گلناز کے پیچھے ہی کھڑا تھا_

میں نے تمہیں معاف کیا ارحم کیونکہ زندگی میں مجھے بھی کسی نے اپنا دل بڑا کر کے معاف کیا تھا_ یہ کہتے ہی گلناز گاڑی میں بیٹھ گئی اور گاڑی کے شیشے بند کرنے لگی_ ارحم گاڑی کے قریب ہی کھڑا رہا_ کچھ دیر بعد گاڑی سڑک پر گم ہوتی دکھائی دی_ سنسان سڑک پر ارحم تنہا کھڑا رہ گیا_

### بقیہ 1
ملک نے شرکت کی۔ اجلاس کے بعد صوبائی وزراء نے مرکزی امام بارگاہ فیصل آباد اور مختلف جلوسوں کے روٹس کا دورہ بھی کیا۔ اجلاس کے دوران کمشنر فیصل آباد مسرت جبیں اور آر پی او سہیل اختر سکھیرا نے کابینہ کمیٹی کو محرم الحرام کے انتظامات، سیکیورٹی پلان اور دیگر انتظامی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بتایا گیا کہ عشرہ محرم الحرام کے دوران امن و امان برقرار رکھنے کے لیے جامع سیکیورٹی پلان پر مکمل عملدرآمد کیا جا رہا ہے۔ وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے ہدایت کی کہ تمام ڈپٹی کمشنرز اور ڈی پی اوز جلوسوں اور مجالس کے منتظمین کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہیں اور جلوسوں کے مقررہ اوقات کی پابندی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ حساس مقامات اور فلیش پوائنٹس پر سیکیورٹی مزید مؤثر بنائی جائے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے کا امکان ختم کیا جا سکے۔ عظمیٰ بخاری نے ہدایت کی کہ جلوسوں اور مجالس کے شرکاء کے لیے بجلی کی بلاتعطل فراہمی، ٹھنڈے پانی اور پنکھوں سمیت تمام ضروری سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے مطابق محرم کنٹرول رومز چوبیس گھنٹے فعال رہیں اور موصول ہونے والی شکایات کا فوری ازالہ یقینی بنایا جائے۔ عظمیٰ بخاری نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ امام بارگاہوں کے باہر نصب کیو آر کوڈز کے ذریعے پینک بٹن ایپلیکیشن کے استعمال سے متعلق منتظمین کو مکمل طور پر آن بورڈ کیا جائے تاکہ ہنگامی صورتحال میں فوری رسپانس ممکن بنایا جا سکے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ شدید گرمی کے پیش نظر جلوسوں کے روٹس پر پانی کا مسلسل چھڑکاؤ کیا جائے اور شرکاء کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کی جائیں۔

### بقیہ 2
مذہبی و سماجی رہنما، طلبہ اور عوام الناس کی کثیر تعداد شرکت کرے گی۔ تحفظ ناموس رسالت محاذ کے رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور اہل بیت اطہار علیہم السلام کی محبت ایمان کا بنیادی جزو ہے۔ صحابہ کرامؓ اور اہل بیت اطہارؓ دین اسلام کے وہ روشن کردار ہیں جنہوں نے امت تک دین کی تعلیمات پہنچانے اور اسلام کی سربلندی کے لیے بے مثال قربانیاں پیش کیں۔ انہوں نے کہا کہ عظمت صحابہؓ و اہل بیتؓ مارچ کا مقصد ان مقدس ہستیوں کے مقام و مرتبہ کو اجاگر کرنا، نئی نسل کو ان کی تعلیمات سے روشناس کرانا اور امت مسلمہ میں اتحاد، اخوت، محبت اور باہمی احترام کے جذبات کو فروغ دینا ہے۔ ترجمان کے مطابق مارچ میں جامعہ رسولیہ شیرازیہ، جامعہ نظامیہ رضویہ، جامعہ نعیمیہ، جامعہ حنفیہ غوثیہ، جامعہ کریمیہ، جامعہ فخر العلوم، جامعہ فاطمیہ، جامعہ غوثیہ رضویہ، مرکز محبت خانقاہ اظہریہ، جامعہ یوسفیہ اور دیگر مدارس اہل سنت کے ناظمین، اساتذہ اور طلبہ شریک ہوں گے۔ اسی طرح پاکستان سنی تحریک، جمعیت علماء پاکستان، مرکزی جماعت علماء اہل سنت، انجمن طلبہ اسلام، تنظیمین ایسوسی ایشن اور دیگر سنی تنظیموں کے قائدین اور کارکنان بھی مارچ میں شرکت کریں گے۔ رہنماؤں نے اہل سنت اور عوام الناس سے اپیل کی ہے کہ وہ عظمت صحابہؓ و اہل بیتؓ مارچ میں بھرپور شرکت کر کے صحابہ کرامؓ اور اہل بیت اطہارؓ سے اپنی محبت و عقیدت کا اظہار کریں اور اتحاد امت کے پیغام کو عام کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔

### بقیہ 3
میں اجلاس ہوا جہاں پاسپورٹ کے اجراء کو مکمل طور پر ای پاسپورٹ پر منتقل کرنے کا اصولی فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ بیرون ملک و اندرون ملک پاسپورٹ کی ہوم ڈیلیوری کے لیے ابتدائی کام مکمل ہے، شہریوں کو پاسپورٹ ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کا عمل جلد شروع کیا جائے گا جب کہ پریمیم سروسز کے لیے پاسپورٹ پر ہونے والے اخراجات کے مطابق فیس ادا کرنا ہوگی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ یکم جولائی سے پاسپورٹ دفاتر میں کیش لیس نظام نافذ کیا جائے گا اور آن لائن پاسپورٹ درخواستوں کو پاک آئی ڈی کے پلیٹ فارم پر منتقل کیا جائے گا۔ اس موقع پر وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ ای پاسپورٹ پر مکمل منتقلی سے پاسپورٹ کے ضمن میں فراڈ اور جعلسازی کا خاتمہ ہو گا، بزنس پاسپورٹ پر پالیسی کو ایف بی آر کی مشاورت سے جلد از جلد حتمی شکل دی جائے۔

### بقیہ 4
اجاگر کرنے کی ہدایت کی۔ گورنر ہاؤس لاہور میں ہونے والی ملاقات کے دوران گورنر پنجاب نے اراکین اسمبلی کو ہدایات جاری کیں اور چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا پیغام بھی پہنچایا، ملاقات میں گلگت بلتستان کے سیاسی حالات پر بھی گفتگو ہوئی۔ سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کے حقوق کیلئے جدوجہد کی ہے اور یہ سفر آئندہ بھی جاری رہے گا، پارٹی نے جمہوریت کے لئے تاریخی قربانیاں دی ہیں، اب وقت ہے کہ اپنی صفوں میں اتحاد مزید مضبوط کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اسمبلی میں پیپلز پارٹی کے اراکین کے ساتھ کسی بھی زیادتی کو برداشت نہیں کیا جائے گا، عوامی ترقیاتی منصوبوں میں پارٹی کے ارکان اسمبلی کا بھی حق ہے۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری ہمیشہ اپنے پارلیمنٹیرینز کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ وقت دور نہیں جب بلاول بھٹو زرداری عوامی مینڈیٹ کے ذریعے ملک کے وزیراعظم ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ غریب عوام، تنخواہ دار طبقہ اور پنشنرز مہنگائی کے باعث مشکلات کا شکار ہیں اس لئے پیپلز پارٹی کو عوامی حقوق کیلئے بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ سردار سلیم حیدر خان نے مزید کہا کہ گلگت بلتستان میں پیپلز پارٹی حکومت بنائے گی اور وہاں کے انتخابات کے بعد ملک بھر میں پارٹی کی سیاسی سرگرمیوں میں مزید اضافہ ہوگا۔

### بقیہ 5
میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا نے کہا کہ فاٹا اور پاٹا سے متعلق اپوزیشن نے وزیراعظم سے بات کی، وزیراعظم کی ہدایت پر وفد نے بیٹھ کر بات کی، وزیرخزانہ نے وعدہ کیا آئی ایم ایف سے بات کر کے ٹیکس معاملات کو حل کروائیں گے، جو ٹیکس چھوٹ ختم ہو رہی ہے کوشش ہے آئی ایم ایف سے بات کر کے اسے آگے بڑھایا جائے۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ جمہوری انداز یہی ہے کہ بات چیت سے معاملات حل ہوں، وزیراعظم نے میثاق استحکام پاکستان کرنے کا کہا اور یہ آفر اب بھی ہے، وزیراعظم کی آفر کو مانا جائے، ہم ہر طرح کی بات کرنے کو تیار ہیں۔ رہنما مسلم لیگ (ن) نے کہا کہ سیاسی ڈائیلاگ کے لیے پی ٹی آئی نے بتایا کہ ہماری جماعت میں اس پر مشاورت جاری ہے، اپوزیشن نے کہا ہے کہ آپس میں مشاورت کے بعد ہم حکومت کو بتائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل نے جو کردار ادا کیا اس پر اپوزیشن نے بھی ساتھ دیا۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ مولانا نے بانی کی رہائی کا کہا، اس وقت معاملہ عدالت میں ہے، مولانا نے رہائی کا مطالبہ کیا اس میں ہمارا تعلق نہیں بلکہ عدالت ہی فیصلہ کرے گی، بانی کی صحت میں بہتری کیلئے اچھے اور اعلیٰ ماہرین موجود ہیں۔

### بقیہ 6
اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب حکومت نے صوبے میں انڈسٹری کے فروغ کیلئے انقلابی اقدامات اٹھائے ہیں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سرمایہ کاروں کو ایک چھت تلے سرمایہ کاری کی سہولیات دی جا رہی ہیں۔ صوبائی وزیر نے بتایا کہ صنعتی مراکز میں عالمی معیار کا صنعتی انفراسٹرکچر فراہم کیا گیا ہے۔ صنعتکاری کے عمل میں تیزی لانے کیلئے لینڈ لیز پالیسی متعارف کرائی گئی ہے اور صنعتی مراکز میں برسوں سے جاری پراپرٹی کے کاروبار کو ہمیشہ کیلئے بند کروادیا گیا ہے اب انڈسٹریل اسٹیٹس میں حاصل کئے گئے پلاٹ پر 2 سال کے اندر صنعتی یونٹ لگانا لازم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں سازگار ماحول کے باعث سرمایہ کار پنجاب کو ترجیح دے رہے ہیں۔ پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار فیصل آباد کی انڈسٹریل اسٹیٹ میں موبائل فون اور چپ فریم کی مینوفیکچرنگ شروع ہونے جارہی ہے۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ گزشتہ اڑھائی سالوں میں پنجاب میں متعدد نئے صنعتی یونٹس لگ چکے ہیں جبکہ بہت سے صنعتکار اپنی پہلے سے موجود انڈسٹری میں توسیع کر رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ چین کی بہت سی کمپنیوں نے پنجاب میں سرمایہ کاری کر رکھی ہے جبکہ مزید چائنیز کمپنیاں سرمایہ کاری کے لئے تیار ہیں۔ وزیر اعظم کے معاون خصوصی ہارون اختر خان نے کہا کہ انڈسٹریل اسٹیٹس کیلئے لینڈ لیز پالیسی پنجاب حکومت کا شاندار اقدام ہے اس لینڈ لیز پالیسی سے پنجاب میں صنعتکاری کے عمل میں تیزی آئے گی انہوں نے کہا کہ انڈسٹریلائزیشن ہی پاکستان کا مستقبل ہے۔ حکومت زرعی پیداوار بڑھانے کیلئے سیڈ ڈویلپمنٹ پالیسی لا رہی ہے ہے

### بقیہ 7
کریں اور انہیں مقررہ وقت سے قبل مکمل طور پر صاف رکھیں، اس صفائی آپریشن کی نگرانی سینئر منیجر آپریشنز ڈاکٹر حامد اقبال، ڈسٹرکٹ منیجر عامر یونس نائیک، منیجر آپریشن سٹی سید حسن سردار اور ڈپٹی منیجر آپریشنز گل بازستی کریں گے۔ سات سے دس محرم الحرام تک قائم کیے جانے والے دو ریلیف کیمپوں میں اضافی صفائی عملہ تعینات کیا جائے گا، ان ریلیف کیمپوں میں ہر شفٹ میں 5 سینیٹری ورکرز بھی تعینات کیے جائیں گے۔ ریلیف کیمپ کے انچارج سیکٹر چیف ملک گلفراز ہوں گے۔ ان کے ساتھ اسسٹنٹ منیجر ارج کاظمی اور زونل افسر محمد معراج صفائی سرگرمیوں کی نگرانی کریں گے، یکم سے 15 محرم الحرام تک میونسپل کارپوریشن لیاقت باغ اور سیف سٹی راولپنڈی میں خصوصی کنٹرول رومز بھی قائم کیے جائیں گے۔ جہاں آر ڈبلیو ایم سی کے اہلکار مختلف شفٹوں میں تعینات رہیں گے تاکہ صفائی سے متعلق شکایات کے فوری ازالے، فیلڈ ٹیموں کے ساتھ رابطے اور جلوسوں کے روٹس پر صفائی کی صورتحال کی مسلسل نگرانی کو یقینی بنایا جا سکے۔ آر ڈبلیو ایم سی کا یہ جامع صفائی پلان محرم الحرام کے دوران شہر بھر میں مثالی صفائی کی صورتحال برقرار رکھنے، بہترین سہولیات فراہم کرنے اور جلوسوں، مجالس اور امام بارگاہوں کے اطراف صاف ستھرا اور صحت مند ماحول یقینی بنانے کے لیے مرتب کیا گیا ہے۔

### بقیہ 9
مقررہ تاریخ تک ریٹرن جمع کرانے والوں کو ایکٹوٹیکس پیئرز لسٹ میں شامل نہ کرنے کی تجویز دی۔ ایف بی آر حکام نے کہا کہ کمپنی کیلئے ریٹرن تاخیر پرائے ٹی ایل میں شمولیت کا سرچارج ایک لاکھ روپے مقرر کیا ہے، کمپنی کے لیے ریٹرن تاخیر پر سرچارج پہلے 25 ہزار روپے تھا، ایسوسی ایشن آف پرسنز کیلئے سرچارج 10 ہزار سے بڑھا کر 50 ہزار روپے کیا گیا ہے اور انفرادی ٹیکس دہندہ کیلئے سرچارج ایک ہزار سے بڑھا کر 25 ہزار روپے کیا گیا ہے جبکہ اے ٹی ایل سے خارج رہنے کی مدت کے دوران ٹیکس ریفنڈ جاری نہیں کیا جائے گا۔ اس دوران کمیٹی اراکین نے ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانے کے جرمانے کا وقت 3 ماہ کرنے کی تجویز دی۔ کمیٹی اراکین نے کہا کہ کوئی بیماری، فوتگی کی وجہ سے گوشوارے جمع نہیں کرا سکتا، اس کے لیے مسئلہ ہوگا، ٹیکس گوشوارے جمع نہ ہونے پر پہلے ہی جرمانہ عائد کرنا درست نہیں ہے۔

### بقیہ 10
ڈیجیٹل میڈیا سیل کا دورہ کیا اور لائیو سائبر پٹرولنگ کے عمل کا جائزہ لیتے ہوئے واضح کیا کہ محرم الحرام میں امن برقرار رکھنا قومی ذمہ داری ہے، اور نفرت پھیلانے والوں سے سختی سے نمٹا جائے گا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ مذہبی منافرت اور اشتعال انگیز مواد پھیلانے والے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے خلاف بغیر کسی تاخیر کے فوری اور سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اس موقع پر سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے چیف سیکرٹری کو سائبر مانیٹرنگ اور سیکیورٹی انتظامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ محرم الحرام کے دوران پنجاب بھر میں مجموعی طور پر 37,868 مجالس اور 9,412 جلوسوں کیلئے فول پروف سکیورٹی انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ امن وامان کی صورتحال کو کنٹرول میں رکھنے کیلئے 1 لاکھ 25 ہزار سے زائد پولیس اہلکار فرائض سرانجام دے رہے ہیں، جبکہ پولیس کی معاونت کیلئے پاک فوج کی 61 اور رینجرز کی 76 کمپنیاں بھی مختلف اضلاع میں تعینات کر دی گئی ہیں۔ سیکرٹری داخلہ نے بریفنگ کے دوران بتایا کہ سوشل میڈیا پر شرپسندی اور مذہبی منافرت روکنے کیلئے اب تک 16 ہزار سے زائد قابلِ اعتراض اکاؤنٹس پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کو بلاک کرنے کیلئے رپورٹ کیے جا چکے ہیں۔ مزید برآں، صوبے میں امنِ عامہ کو یقینی بنانے کیلئے 1,418 شعلہ بیاں مقررین کی ضلع بندی اور 794 مقررین پر زباں بندی کے احکامات جاری کیے گئے ہیں، جبکہ 2,505 افراد کو فورتھ شیڈول میں شامل کر کے ان کی سخت مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نے مزید بتایا کہ محکمہ داخلہ کا ڈیجیٹل میڈیا سیل 24/7 متحرک ہے اور سوشل میڈیا پر قابل اعتراض مواد کی فوری رپورٹنگ اور قانونی ایکشن کا سسٹم مکمل طور پر فعال ہو چکا ہے۔ انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں اور سوشل میڈیا پر کسی بھی قسم کا فرقہ وارانہ یا نفرت انگیز مواد نظر آنے کی صورت میں اسے فوری طور پر محکمہ داخلہ کے مخصوص واٹس ایپ نمبروں 03073087777 یا 03073097777 پر رپورٹ کریں تاکہ بروقت کارروائی کی جا سکے۔

### بقیہ 11
میں اپوزیشن ارکان نے احتجاج کیا، جس پر وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے کہا کہ حوصلہ رکھیں اور ہدایت کی کہ اپوزیشن ارکان کو پانی پلائیں، بجٹ اجلاس میں علی امین گنڈا پور اور ناراض اراکین بھی شریک ہوئے، اپوزیشن نے احتجاج کیا جس پر وزیراعلیٰ نے انہیں جواب دیتے ہوئے کہا کہ حوصلہ رکھیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہمارا مطالبہ تھا بانی پی ٹی آئی کا بہترین ہسپتال میں علاج ہو، ملاقاتیں بحال ہوں، خیبر پختونخوا کے عوام نے تیسری بار مسلسل تحریک انصاف کا اعتماد کیا ہے۔ اس سے قبل خیبر پختونخوا کابینہ نے آئندہ مالی سال 2026-27 کیلئے بجٹ کی تجاویز کی منظوری دے دی، بجٹ کا حجم 2170 ارب روپے ہے، جس میں سالانہ ترقیاتی پروگرام کا حجم 519 ارب روپے سے زیادہ رکھنے کی تجویز دی گئی ہے۔

### بقیہ 12
شیڈول میں شامل کرنے کی منظوری دی گئی، شرپسندوں کو آزاد جموں وکشمیر اینٹی ٹیررازم ایکٹ 2014 کے تحت فورتھ شیڈول میں شامل کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ کالعدم کمیٹی کیسر غنہ شوکت نواز، راجہ امجد، انجم زمان اور راجہ شعیب کو فورتھ شیڈول میں شامل کیا گیا ہے۔ ضلع پونچھ سے کالعدم ایکشن کمیٹی کے 36 شرپسندوں کو فورتھ شیڈول میں شامل کیا گیا ہے جبکہ ضلع سدھنوتی سے 31، میرپور سے 14، کوٹلی سے 15، بھمبر سے 10 اور حویلی سے 8 شرپسندوں کو فورتھ شیڈول میں شامل کیا گیا ہے۔ راولاکوٹ سے 36، باغ سے 15، جہلم ویلی سے 9 اور ضلع نیلم سے 8 شرپسند فورتھ شیڈول میں شامل کیے گئے ہیں۔

### بقیہ 13
پر عام دیوانی مقدمات کی مالی حد لاگو نہیں ہوتی۔ جسٹس راحیل کامران شیخ نے 7 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا۔ ہائیکورٹ کے فیصلے میں کہا گیا ہے کہ سکسیشن ایکٹ خصوصی قانون ہے، اس کی شقیں عام قوانین پر فوقیت رکھتی ہیں، ضلع جج نے مالی دائرہ اختیار کی بنیاد پر اپیل واپس کر کے قانونی غلطی کی۔ لاہور ہائی کورٹ نے اپیلٹ کورٹ کی جانب سے اپیل واپس کرنے کا حکم کالعدم قرار دیتے ہوئے وراثتی سرٹیفکیٹ کیس میں نظرثانی کی درخواست منظور کرلی اور جانشینی سرٹیفکیٹ سے متعلق اپیل دوبارہ بحال کرنے کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے اپیل اصل نمبر پر بحال کر کے میرٹ پر فیصلہ کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ وراثتی مقدمات میں اپیل کے فورم سے متعلق قانونی ابہام دور کئے جائیں۔

### بقیہ 14
کیپٹن ریٹائرڈ میاں عادل اقبال، جناب شیخ محسن الیاس، زاہد حسین بھٹو اور پیر محمد کاکڑ سمیت کمیٹی کے دیگر معزز اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس کے ایجنڈے کے مطابق ورکرز ویلفیئر فنڈ کے زیرِ کفالت بچوں کے لیے کتب، یونیفارم، اسٹیشنری، ٹرانسپورٹ اور وظیفہ (Stipend) کی مونیٹائزیشن اور مالی معاونت میں اضافے کی تجاویز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ مختلف صوبوں کے ورکرز ویلفیئر بورڈز اور متعلقہ اداروں کی سفارشات پر غور کرتے ہوئے اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ جہاں ضرورت اور جواز موجود ہو، وہاں ان سہولیات اور مالی معاونت میں مناسب اضافہ کیا جائے تاکہ صنعتی مزدوروں کے بچوں کو بہتر تعلیمی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ اجلاس میں مزدوروں اور ان کے بچوں کی فلاح و بہبود سے متعلق متعدد اہم فیصلے کیے گئے، جن سے ملک بھر کے صنعتی مزدوروں کے ہزاروں خاندان مستفید ہوں گے۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ورکرز ویلفیئر فنڈ کی تعلیمی اسکیموں کو مزید مؤثر، شفاف اور عوام دوست بنایا جائے گا۔ اجلاس کے دوران وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز و انسانی وسائل کی ترقی، چوہدری سالک حسین کے اس وژن پر بھی تفصیلی گفتگو کی گئی کہ رواں سال صنعتی مزدوروں کے ایک لاکھ بچوں کو معیاری اسکولوں میں داخل کیا جائے۔ کمیٹی کے تمام اراکین نے اس وژن کو نہایت قابلِ تحسین قرار دیتے ہوئے اس کی بھرپور حمایت کا اظہار کیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ آئندہ اجلاس میں ایک جامع اور قابلِ عمل لائحہ عمل پیش کیا جائے گا تاکہ وفاقی وزیر کے اس قومی وژن کو عملی جامہ پہنایا جا سکے اور زیادہ سے زیادہ مزدور خاندانوں کے بچوں کو معیاری تعلیم کی سہولت میسر آ سکے۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ آئندہ گورننگ باڈی کے اجلاس سے قبل تمام متعلقہ تجاویز پر تفصیلی غور و خوض کرتے ہوئے ٹھوس، قابلِ عمل اور متفقہ سفارشات کو حتمی شکل دی جائے گی، تاکہ انہیں گورننگ باڈی کے اجلاس میں منظوری کے لیے پیش کیا جا سکے۔

### بقیہ 15
کامیابی نصیب نہیں ہوتی، ہم نے دنیا کو قومی یکجہتی اور اتحاد کا پیغام دینا ہے اور اس عظیم فتح کا تقاضا ہے ہم سب ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ایک ہی صف میں کھڑے ہوں، اس معاہدے سے دنیا میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی ہے جس کے ثمرات عوام تک پہنچائے جائیں گے، ایران کے صدر مسعود پزشکیان کو دورہ پاکستان کی دعوت دی ہے، ایرانی صدر نے سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای کی آخری رسومات میں شرکت کی دعوت دی ہے، پاکستان کا وفد شرکت کریگا، اپوزیشن اور سیاسی رہنما دنیا کو بتائیں کہ سیاسی اختلافات کے ساتھ قومی مفادات کیلئے ہم ایک ہیں اور ایک رہیں گے۔ جمعہ کو قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ خالق کائنات کا بے حد شکریہ ادا کرتے ہیں جس نے پاکستان کو یہ عزت عطا فرمائی کہ امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی کا معاہدہ ہوا، اس کیلئے پوری پاکستانی قوم اس ایوان کے تمام اراکین کو بھی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ دنیا میں کئی ممالک اور قومیں ایسی عزت کی تلاش میں صدیاں گزار جاتی ہیں تاہم وہ اس طرح سے عزت حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہوسکتیں جس طرح آج پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے عزت عطا فرمائی ہے، آج پوری دنیا میں پاکستان کا نام عزت اور وقار سے گونج رہا ہے، پاکستان کے اس کردار پر اس ایوان سے ایک متفقہ قرارداد جانی چاہئے جو اس عظیم کامیابی کیلئے اس ہاؤس کی جانب سے بھرپور تائید ہوگی اور اس سے دنیا میں یکجہتی، اتفاق اور اتحاد کا پیغام جائے گا۔ انہوں نے اپوزیشن کو بھی دعوت دی کہ وہ سیاسی اختلافات کو ایک طرف رکھ کر ملکر اس مبارک دن اللہ کا شکر ادا کریں اور دنیا کو بتائیں کہ سیاسی اختلافات کے ساتھ ساتھ قومی مفادات کیلئے ہم ایک ہیں اور ایک رہیں گے۔ انہوں نے پاکستان کی اس کامیابی کا اعتراف اس شعر سے کیا کہ'' ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پے روتی ہے، بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا''۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس عظیم کامیابی میں سب سے کلیدی کردار فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ادا کیا، انہوں نے امن کے قیام کیلئے اڑھائی مہینے دن رات کام کیا، کئی مواقع ایسے آئے کہ جب ایسا محسوس ہورہا تھا کہ جنگ بندی ختم ہونے والی ہے تاہم خدائے بزرگ و برتر کو پاکستان کو عزت اور وقار دینا مقصود تھا، اسی وجہ سے وہ پہاڑ نما مسائل اور مشکلات بھی حل ہوئیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ قوم کا کریڈٹ ہے۔

### بقیہ 16
انفیکشن ڈیزیز ہسپتال بھی بنائے جائیں گے، نواز شریف میڈیکل سٹی میں 1519 بیڈز پر مشتمل سات بڑے ہسپتال مرحلہ وار بنائے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے 19 سال بعد پنجاب پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ اتھارٹی کو مکمل طور پر فعال ہونے پر اظہار مسرت کیا ہے۔ چیف سیکرٹری زاہد اختر زمان، سیکرٹری فنانس مجاہد شیر دل اور پنجاب پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے سی ای او ڈاکٹر ذیشان حنیف کو بھی سراہا۔ اجلاس میں پنجاب بھر کے لئے 110 مجوزہ ترقیاتی منصوبوں میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے امکانات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ پنجاب میں پہلی مرتبہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت سٹوڈنٹس ہاسٹل قائم کرنے کی تجویز پر غور کیا گیا۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت روڈز، ٹرکنگ ٹرمینل، بس سٹینڈز، ماڈل بازار اور فوڈ سٹریٹس پراجیکٹ کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت چار پراجیکٹ کامیابی سے فنکشنل ہو چکے ہیں۔ 27 پراجیکٹس کی فزیبلٹی تیار، دیگر پراجیکٹ پر ورکنگ تیزی سے جاری ہے۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ پلان میں 4 بڑے سی ایم ای پی شیڈو بھی شامل کئے گئے ہیں۔ نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ میں ایف ایم ڈی پروڈکشن پلانٹ، ٹائم ٹریول پارک لاہور، شریمپ فارمنگ اور ہائنز ٹو میٹل چنیوٹ پراجیکٹ شامل ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں ترقی کا سفر ہر صورت جاری رہے گا۔

### بقیہ 17
ہے، موجودہ حج آپریٹرز کی دوبارہ جانچ لازمی قرار ہے، بیان کے مطابق پرائیویٹ حج کوٹہ پہلے آئیں، پہلے پائیں بنیاد پر مختص ہوگا، کم از کم 2 ہزار حجاج کی بکنگ ہر آپریٹر کے لیے لازمی، کم بکنگ پر کمپنی غیر فعال قرار دی جائے گی، ناکام کمپنیوں کی نصف سکیورٹی ضبط، حجاج کو خودکار طور پر دوسری کمپنیوں میں منتقل کیا جائے گا، تمام حج کمپنیوں کی آزاد ماہرین کے ذریعے جانچ اور درجہ بندی ہوگی۔ بیان کے مطابق لائسنس تین سال کے لیے جاری کیے جائیں گے، کوٹہ کی خرید و فروخت ممنوع قرار، کارٹل سازی اور اجارہ داری پر سخت کارروائی ہوگی، پرائیویٹ حج آپریشنز مکمل طور پر ڈیجیٹل نظام کے تحت چلائے جائیں گے، حج بکنگ صرف پرائیویٹ حج مینجمنٹ پورٹل (PHMP) کے ذریعے ہوگی، پرائیویٹ حج پورٹل نادرا اور اسٹیٹ بینک سے منسلک ہوگا۔ بیان کے مطابق دستی بکنگ یا کیش لین دین پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی، حج کمپنیاں حجاج کے فنڈز اپنے پاس نہیں رکھ سکیں گی۔ بیان کے مطابق سعودی سروس فراہم کنندگان کو ادائیگیاں براہِ راست کی جائیں گی، سعودی عرب میں تمام حج ادائیگیاں اسٹیٹ بینک کے سرکاری اکاؤنٹ کے ذریعے ہوں گی، نئی پالیسی سے شفافیت، احتساب اور حاجیوں کے تحفظ کو فروغ ملے گا، پاکستان کا پرائیویٹ حج نظام سعودی وژن 2030 سے ہم آہنگ ہوگا

### بقیہ 18
خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران اسپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ پارلیمانی سفارت کاری باہمی تعاون کو نئی جہت فراہم کرتی ہے اور جمہوری اداروں کے درمیان تجربات کا تبادلہ گورننس کے نظام کو مزید مضبوط بناتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کلیدی شعبوں میں تعاون دونوں ممالک کی مشترکہ ترقی کے لیے نئی راہیں ہموار کرے گا۔ اسپیکر پنجاب اسمبلی نے پاکستانی طلبہ کے لیے ہنگری کی جانب سے تعلیمی وظائف کے اجراء کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے اقدامات دونوں ممالک کے عوام کو مزید قریب لانے اور نوجوانوں کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اس موقع پر ہنگری کے سفیر ڈاکٹر زولتان ورگانے کہا کہ پاک۔ ہنگری تعلقات چھ دہائیوں پر محیط ہیں اور باہمی اعتماد پر استوار ہیں۔ انہوں نے تعلیم، ٹیکنالوجی اور فارماسیوٹیکل شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ہنگری پاکستان کے ساتھ سفارتی، اقتصادی اور تعلیمی روابط کو مزید مضبوط بنانے کا خواہاں ہے۔ ملاقات میں صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ، چیئرپرسن پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ٹو سید علی حیدر گیلانی، سیکرٹری جنرل پنجاب اسمبلی چودھری عامر حبیب، پرنسپل سیکرٹری عماد حسین بھلی اور ڈائریکٹر میڈیا راؤ ماجد علی بھی موجود تھے۔

### بقیہ 19
تقریب میں کمشنر سکھر عدنان احمد خان، ہیڈ آف آئی آر اے این اسکواڈ ڈاکٹر پرویز احمد شر، اے ڈی سی ہیڈ کوارٹر سہیل احمد فاضلانی اور دیگر افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر ریونیو آفیسر عبدالمجید ساگی نے بریفنگ دی۔ بعد ازاں ان کی نگرانی میں ایف بی آر کی جانب سے پکڑی گئی 35 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی نان کسٹم پیڈ غیر ملکی سگریٹس اور تمباکو سے بنی اشیا کو نذر آتش کر دیا گیا۔ چیف کمشنر ایف بی آر ریجنل ٹیکس آفس سکھر تصغیم عباس نے میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ ٹیکس چوری کے ذریعے کسی کو قومی خزانے کو نقصان پہنچانے نہیں دیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ملکی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کا انحصار براہ راست ٹیکس کی وصولی پر ہے۔ ٹیکس نادہندگان اور اسمگلرز کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے اور آئندہ بھی کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

### بقیہ 20
نمبر 3355 ایل ای بی میں اپنے گھر بورے والا جا رہے تھے تو تیز رفتار ٹرک نمبر 1375 جی ایل ٹی بی کو کراس کرنے لگا تو ڈرائیور نے سائیڈ ماری جس سے کار ٹرک کے پچھلے حصہ سے لگنے کے سبب ٹکرا کر الٹ گئی جس سے محمد اکبر علی زاہد موقع پر ہلاک ہو گئے اور ٹرک ڈرائیور حادثہ کے بعد فرار ہو گیا۔ پولیس غازی آباد نے محمد افضل کی مدعیت میں مقدمہ 279,320 ت پ درج کر کے تفتیش شروع کر دی اور ٹرک قبضہ میں لے لیا پولیس نے فرار ہونے والے ٹرک ڈرائیور کی گرفتاری کے لیے ٹیم روانہ کر دی ہے۔

### بقیہ 21
رہے تھے، حکومت پاکستان کی بہتر منصوبہ کی بدولت توانائی کا بحران نہیں آیا، معاشی استحکام برقرار رکھنے اور مہنگائی میں مزید کمی کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھیں گے۔ جمعہ کو وزیراعظم نے پاکستان کی ثالثی کی بدولت خطے و عالمی امن کے قیام کے بعد تیل کی قیمتوں کے حوالے سے اپنے بیان میں کہا کہ خطے میں معاشی صورتحال میں بہتری آنے اور تیل کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ فوری طور پر عوام کی جانب منتقل کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو وعدہ قوم سے کیا تھا، الحمدللہ وہ پورا کرنے جا رہے ہیں۔ انہوں نے پیٹرول کی قیمت میں 74 روپے اور ڈیزل کی قیمت میں 67 روپے کمی کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح پٹرول کی فی لیٹر قیمت 373 روپے سے کم ہو کر 299 روپے پر آ جائے گی اور ڈیزل کی فی لیٹر قیمت 378 روپے سے کم ہو کر 311 روپے پر آ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی مشکلات کا بخوبی اندازہ ہے، آپ نے مشکل صورتحال صبر و تحمل کا بے مثال مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان مشکل حالات میں حکومت کا ساتھ دینے پر ہم عوام کے تہہ دل سے مشکور ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ اس بحران کے آغاز سے ہی ہم نے اپنے وسائل سے تیل کی قیمتوں میں جس قدر ہو سکا کمی لانے کی کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت نے ترقیاتی بجٹ سے اور کفایت شعاری سے کی گئی بچت کے ذریعے 129 ارب استعمال کر کے، ملک بھر کے عوام کو تیل کی قیمتوں میں بے پناہ اضافے سے ممکنہ حد تک ریلیف فراہم کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ خطے کی معاشی صورتحال کے دوران جب کچھ ممالک میں فیول راشننگ جیسے اقدامات لیے جا رہے تھے، حکومت پاکستان کی بہتر منصوبہ کی بدولت توانائی کا بحران نہیں آیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ موثر اقدامات کی بدولت، نہ کوئی لائن لگی، نہ لمبی قطاریں لگیں، اور نہ ہی عوام کو کسی قسم کی پیٹرولیم مصنوعات کی کمی کا سامنا کرنا پڑا۔ شہباز شریف نے کہا کہ ملکی معیشت کو مستحکم رکھنے کے لیے وفاق اور صوبوں نے مکمل تعاون کیا جس کے لیے میں صوبائی وزرائے اعلیٰ کا شکر گزار ہوں۔ وزیراعظم نے کہا کہ جس قدر ممکن ہوا عوام کو عالمی مہنگائی کی لہر سے محفوظ رکھنے کیلئے اقدامات اٹھائے، عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں جو کمی آئے گی وہ من و عن عوام کو منتقل کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ معاشی استحکام برقرار رکھنے اور مہنگائی میں مزید کمی کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھیں گے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بحران کے پورے عرصے میں نہ صرف حکومتی سطح پر کفایت شعاری کو اپنایا گیا بلکہ ریلیف کی مد میں محروم طبقات کو سبسڈی بھی فراہم کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

### بقیہ 22
اور آسان پاس ورڈز سائبر خطرات میں اضافے کا سبب بن سکتے ہیں۔ ذاتی معلومات کو پاس ورڈ کے طور پر استعمال نہ کریں، نام، تاریخ پیدائش یا 1234 جیسے آسان نمبرز کو پاس ورڈ بنانے سے اجتناب کریں، اپنا پاس ورڈ کسی کے ساتھ شیئر نہ کریں، پاس ورڈز کو باقاعدگی سے تبدیل کریں۔ پی ٹی اے اعلامیے میں ہدایت کی گئی ہے کہ فنگر پرنٹ یا چہرے کی شناخت جیسے بائیومیٹرک فیچرز کو ترجیح دیں، مضبوط پاس ورڈ، محفوظ ڈیجیٹل مستقبل کی ضمانت ہے، ڈیجیٹل سکیورٹی بہتر بنانے کیلئے شہری پی ٹی اے کی ہدایات پر عمل کریں۔

### بقیہ 23
بھی خوشگوار انداز میں گفتگو کی۔ جمعہ قومی اسمبلی میں وزیراعظم نے محمود اچکزئی، اسد قیصر اور بیرسٹر گوہر کے ساتھ خوشگوار انداز میں گفتگو کی اور اس کے کچھ دیر بعد وہ اپنی نشست پر واپس آگئے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم قومی اسمبلی اجلاس کے دوران قرارداد میں ساتھ دینے کے لیے اپوزیشن لیڈر کے پاس پہنچے، اس موقع پر اپوزیشن نے سابقہ فاٹا کے لیے بجٹ کا معاملہ وزیر اعظم کے سامنے رکھا۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم نے اپوزیشن کے نکات پر وزیر خزانہ کے ہمراہ دوبارہ اپوزیشن قیادت سے بات کی، وزیر اعظم اور اپوزیشن لیڈر کی مشاورت کے بعد وزیر خزانہ اور اپوزیشن قیادت کی ملاقات طے کی گئی۔

### بقیہ 24
نے متاثرہ کنٹینرز نکالنے سے انکار کردیا، کنٹینرز میں مشینری اور دیگر سامان موجود ہے، جس کا انشورنس ملنا مشکل ہے۔ ذرائع کے مطابق بلک کارگو جہاز کو 2 ماہ قبل کنٹینر جہاز میں تبدیل کیا گیا تھا۔ دوسری جانب پی این ایس سی کے ترجمان نے کہا کہ جہاز محفوظ ہے، کنٹینرز کا گرنا معمول کا واقعہ ہے، کنٹینرز یا سامان کا نقصان انشورنس سے پورا ہوگا۔

### بقیہ 25
کو مالی طور پر مستحکم بنانے کا ہدف رکھا گیا ہے۔ منصوبے کے تحت اسکولوں کی بیرونی دیواروں پر برانڈنگ، فلیکس بورڈز، بل بورڈز اور ہورڈنگز لگانے کی اجازت دینے پر غور کیا جارہا ہے، جس سے اشتہاری آمدن حاصل کی جاسکے گی۔ اسی طرح اسکولوں کی اضافی جگہوں پر مارکیٹس، دکانیں اور دیگر کمرشل سرگرمیوں کے آغاز کا آپشن بھی شامل ہے۔ مجوزہ منصوبے میں موبائل فون کمپنیوں کو اسکولوں میں ٹیلی کام ٹاورز نصب کرنے کی پیشکش اور اسکولوں کی چھتوں و خالی زمین پر سولر انرجی منصوبے لگانے کی تجویز بھی شامل ہے۔ مزید یہ کہ اسکول گراؤنڈز اور ہالز کو تقریبات اور کھیلوں کے لئے کرائے پر دینے جبکہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت پیڈل، کرکٹ اور جم سہولیات قائم کرنے کی بھی تجویز دی گئی ہے۔ دستاویز کے مطابق اسکولوں کی لیبارٹریاں اور کمپیوٹر روم نجی اداروں کو کرائے پر دینے کا آپشن بھی زیر غور ہے، جبکہ دیہی علاقوں کے اسکولوں کی زرعی زمین کو لیز پر دینے اور اضافی زمین پر نرسری و ہارٹیکلچر یونٹس قائم کرنے کی بھی تجویز شامل ہے۔ اسی طرح خالی عمارتوں کو ہاسٹل، سرائے یا رہائشی سہولت کے طور پر استعمال کرنے اور اسکولوں کے داخلی راستوں کے قریب پبلک ٹوائلٹ فیسلٹی قائم کرنے کا پلان بھی زیر غور ہے۔ محکمہ تعلیم کے مطابق ان اقدامات کا مقصد اسکولوں کو مالی طور پر خود مختار بنانا اور غیر استعمال شدہ اثاثوں سے اضافی آمدن حاصل کرنا ہے، جبکہ پنجاب میں جدید فنانسنگ ماڈل متعارف کرانے پر بھی کام جاری ہے۔

### بقیہ 26
کی تلاش کے لیے سرچ آپریشن بلاتعطل جاری ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق جائے وقوع سے کچھ اسٹاپ تک زیر زمین نالے میں بھی آپریشن کیا گیا، سرچ ٹیمز مرکزی نالے اور ممکنہ پھنساؤ والے مقامات پر خصوصی سرچ آپریشن کر رہی ہیں۔ ریسکیو حکام نے بتایا ہے کہ سرچ آپریشن کے لیے واسا سے 2 ایکسکیویٹرز بھی طلب کیے گئے ہیں، واٹر ریسکیو، سرچ اور معاون ٹیمز دستیاب وسائل کے ساتھ آپریشن میں مصروف ہیں۔

### بقیہ 27
2025 میں پاکستان کے قونصل خانہ میلان کے سپرد کیے گئے تھے۔ پاکستانی سفارتخانے کے مطابق اکتوبر 2025 میں بھی اٹلی نے 90 پاکستانی تاریخی نوادرات واپس کیے تھے جنہیں 2007 میں اٹلی کے کارابینیری ادارے نے ضبط کیا تھا۔ سفیر علی جاوید کے مطابق پاکستان اور اٹلی آثار قدیمہ کی تحقیق، ثقافتی ورثے کے تحفظ، پیشہ ورانہ تربیت میں تعاون بڑھا رہے ہیں۔

### بقیہ 28
گا کیونکہ قبر، ایمبولینس اور تدفین کے اخراجات مفت فراہم کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ عوامی خدمت، انسانی ہمدردی اور سماجی فلاح کے جذبے کی بہترین مثال ہے جس سے بالخصوص مستحق طبقات کو ریلیف حاصل ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ معاشرے کے مستحق اور کمزور طبقات کی خدمت ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک نے کہا کہ یہ منصوبہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے عوامی فلاح و بہبود کے وژن کے تحت شہریوں کو سہولیات کی فراہمی کے لیے قائم کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ راولپنڈی شہر میں قبرستانوں کے لیے دستیاب زمین تیزی سے کم ہو رہی ہے، جس کے پیش نظر اس مسئلے کے مستقل حل کے لیے ایک خصوصی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو اسسٹنٹ کمشنر سٹی کی نگرانی میں اپنی ذمہ داریاں سرانجام دے گی۔ کمشنر عامر خٹک نے کہا کہ انتہائی مختصر مدت میں اس جدید اور فلاحی مرکز کا قیام قابل ستائش ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اس ماڈل کو مستقبل میں راولپنڈی کے علاوہ دیگر اضلاع اور شہروں تک بھی توسیع دی جائے گی تاکہ زیادہ سے زیادہ شہری اس سہولت سے مستفید ہو سکیں۔ چیئرمین پاکستان سویٹ ہوم زمرد خان نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے مختصر زندگی میں بے شمار خوشیوں سے نوازا ہے اور یہ فلاحی منصوبہ بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ انہوں نے کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک اور راولپنڈی میونسپل کارپوریشن کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی کاوشوں اور تعاون سے یہ خواب حقیقت میں تبدیل ہوا۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ تین سالوں کے دوران رکھ دھمیال میں 550 قبروں کا انتظام کیا گیا ہے جبکہ دستر خوان سروس کا آغاز چکری سے کیا گیا تھا جہاں آج روزانہ 700 سے 800 افراد مفت کھانا حاصل کر رہے ہیں۔ زمرد خان نے کہا کہ فری تدفین سروس اور دستر خوان کا یہ منصوبہ راولپنڈی کے عوام کے لیے ایک قیمتی تحفہ ہے جس سے ہزاروں شہری مستفید ہوں گے۔

### بقیہ 29
نظام متعارف کرانے اور نئی ہدایات جاری کرنے کے وسیع اختیارات حاصل ہوں گے۔ اس اقدام سے اراضی ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن، دیرینہ تنازعات کے خاتمے اور ریونیو نظام میں شفافیت لانے میں مدد ملنے کی توقع ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ نئی ترمیم کے بعد زمینوں کی کنسولیڈیشن کا پرانا اور سست قانونی نظام ختم ہو جائے گا، جبکہ برسوں سے زیر التوا اسکیموں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنا لازمی ہوگا۔ اراضی ریکارڈ کو ڈیجیٹل نظام سے منسلک کرنے کا عمل بھی تیز کیا جائے گا۔ دستاویزات کے مطابق اس اقدام سے قبضوں، تقسیم اراضی اور ملکیتی تنازعات کے حل میں تاخیر کم ہوگی، جبکہ کسانوں اور زمین مالکان کو ریکارڈ کی درستگی، انتقالات اور دیگر ریونیو خدمات تک آسان اور تیز رسائی حاصل ہو سکے گی۔ حکومت کو امید ہے کہ نئے نظام سے اراضی کے انتظام و انصرام میں بہتری اور عوامی سہولت میں اضافہ ہوگا۔

### بقیہ 30
کا انعقاد انہیں ملک کے اعلیٰ سول اعزاز تمغہ امتیاز سے نوازے جانے کی خوشی میں کیا گیا تھا۔ انہوں نے تاجر برادری کے تعاون پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ایم سی آئی نے عوامی مشکلات کم کرنے اور انسانی مداخلت کے خاتمے کے لیے متعدد اصلاحات متعارف کرائی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پارکنگ پرمٹس، جنریٹر لائسنسز، اوپن اسپیس پرمٹس اور مختلف فیسوں کی وصولی سمیت متعدد خدمات کو آن لائن کر دیا گیا ہے، جس سے شہری اور کاروباری حضرات دفاتر کے چکر لگائے بغیر اپنی ضروری کارروائیاں مکمل کر سکتے ہیں۔ ڈاکٹر انجم فاطمہ نے کہا کہ ان کا ادارہ بالخصوص انسداد تجاوزات کارروائیوں کے دوران باوقار اور مہذب طرزِ عمل کو فروغ دیتا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پیدائش اور وفات کے اندراج کی خدمات کو بھی ڈیجیٹل نظام سے منسلک کردیا گیا ہے تاکہ شہریوں کو زیادہ سہولت میسر آ سکے۔ انہوں نے کہا کہ ایم سی آئی ماحولیاتی بہتری، نالوں کی بحالی، آبی وسائل کے تحفظ اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ پارکنگ، مارکیٹوں، صنعتی علاقوں اور دیگر شہری مسائل کے حل کے لیے تاجر برادری سے مسلسل مشاورت جاری رکھی جائے گی اور ان امور کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ تاجروں اور مارکیٹ ایسوسی ایشنز کا تعاون شہری اصلاحات اور انفراسٹرکچر کی بہتری میں نہایت اہم رہا ہے۔

### بقیہ 31
پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان نے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

### بقیہ 32
ملاقاتوں میں اہم فیصلے کیے جائیں گے۔

### بقیہ 33
مزید مؤثر بنائیں، مارکیٹوں کا باقاعدگی سے معائنہ کریں اور گرانفروش عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائیں تاکہ عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منٹگمری ہال میں ضلع بھر کے سپیشل پرائس مجسٹریٹس کی ہفتہ وار کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس کے دوران بتایا گیا کہ گذشتہ ہفتے کے دوران ضلع بھر میں 12 ہزار 5 سو 20 انسپکشنز کی گئیں جس دوران ایک لاکھ 12 ہزار 5 سو روپے نقد جرمانہ، 7 دکانیں سیل جبکہ 9 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر سمیع اللہ فاروق نے ضلع بھر کے سپیشل پرائس مجسٹریٹس کی انفرادی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ روزانہ کی بنیاد پر مارکیٹ چیکنگ کو یقینی بنایا جائے اور اشیائے خوردونوش خصوصا آٹا، چینی، گھی، دالوں، سبزیوں اور پھلوں کی قیمتوں پر کڑی نظر رکھی جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ مارکیٹ کمیٹیوں اور تاجروں کے ساتھ مسلسل رابطہ رکھا جائے تاکہ اشیائے ضروریہ کی دستیابی اور قیمتوں میں استحکام برقرار رہے۔

### بقیہ 34
نے دی ہے۔ شاہد رند نے کہا کہ حکومت بلوچستان نیاس سلسلے میں ضروری کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ کے معاون نے کہا کہ ڈاکٹر ماہ نور کا علاج کراچی کے نجی اسپتال میں ایک ہفتے تک جاری رہے گا۔ شاہد رند نے کہا کہ حکومت متاثرہ ڈاکٹر کو علاج کی بہترین سہولتیں فراہم کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لارہی ہے۔

### بقیہ 35
میں اقلیتی برادری کے طلبہ وطالبات کو تعلیمی وظائف کے چیکس تقسیم کیے گئے تاکہ وہ اپنی تعلیمی سرگرمیوں کو مزید بہتر انداز میں جاری رکھ سکیں۔ اس موقع پر مقررین نے کہا کہ پنجاب حکومت اقلیتوں کی فلاح و بہبود، تعلیم کے فروغ اور انہیں یکساں مواقع فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ پارلیمانی سیکرٹری ضیاء اللہ شاہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم ترقی اور خوشحالی کی بنیاد ہے اور حکومت اقلیتی طلبہ کو معیاری تعلیم کے حصول میں معاونت فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے وظائف مستحق طلبہ کے لیے حوصلہ افزا ثابت ہوتے ہیں اور انہیں اپنے تعلیمی اہداف کے حصول میں مدد فراہم کرتے ہیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹر عبدالرحمن خان نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ اقلیتی برادری کی فلاح و بہبود اور حکومتی سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ محنت اور لگن سے تعلیم حاصل کر کے ملک و قوم کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ تقریب کے اختتام پر مستحق طلبہ میں تعلیمی وظائف کے چیکس تقسیم کیے گئے جبکہ شرکاء نے حکومت پنجاب کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے اسے اقلیتی طلبہ کے روشن مستقبل کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا۔

### بقیہ 36
کہا کہ آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگوں کی صفائی کے اقدامات اسلام آباد معاہدے کے تحت کیے جائیں گے۔ سپریم کونسل کے مطابق پرشین گلف اسٹریٹ اتھارٹی جہازوں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے کے لیے اجازت نامہ جاری کرے گی، جہازوں کو اتھارٹی کی جانب سے دیے گئے راستے اور وقت کی پابندی کرنا ہوگی۔

### بقیہ 37
تھرو گیٹ اور مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخلے کی اجازت دی جائے گی، تمام مجالس رجلوس کو بمطابق ایس او پی اپنے مقررہ وقت اور راستوں سے ہوتے ہوئے شروع اور ختم کیا جائے، محرم الحرام میں امن وامان کی فضا برقرار رکھنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جار ہے ہیں۔

### بقیہ 38
نوجوان موٹر سائیکل لائسنس کے حصول کیلئے درخواست دے سکتے ہیں، جس کیلئے بے فارم، سمارٹ کارڈ اور والدین کا بیانِ حلفی لازمی قرار دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ہیلمٹ کا استعمال اور ٹریفک قوانین کی مکمل پابندی بھی ضروری ہوگی۔ دوسری جانب اشتہار میں لائسنس کی 500 روپے فیس درج کرتے ہوئے ساتھ پاکستانی روپے () کے بجائے بھارتی روپے () کی علامت استعمال ہونے پر صارفین نے سوالات اٹھاتے ہوئے اسے غفلت قرار دیا ہے۔ سوشل میڈیا پر متعدد افراد نے اشتہار کی تیاری اور منظوری کے عمل پر تنقید کی ہے، جبکہ متعلقہ حکام کی جانب سے تاحال اس معاملے پر کوئی باضابطہ وضاحت سامنے نہیں آئی۔ حکومت نے نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ محفوظ ڈرائیونگ کو فروغ دینے کیلئے ٹریفک قوانین پر عمل کریں اور ہیلمٹ کے استعمال کو یقینی بنائیں۔

### بقیہ 39
کو مکمل باڈی سرچ کے بعد داخل ہونے دیا جائے، تمام مجالس رجلوس کو بمطابق ایس او پی اپنے مقررہ وقت اور راستوں سے ہوتے ہوئے شروع اور ختم کیا جائے، حکومت پنجاب کی جانب سے جاری کردہ ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جارہا ہے، جلوس روٹ پر گلیوں، سڑکوں اور راستوں کو مکمل طور پر سیل کیا گیا ہے، محرم الحرام میں امن وامان کی فضا برقرار رکھنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

### بقیہ 40
صفائی ستھرائی، روشنی، پانی کی فراہمی، طبی سہولیات اور مجالس وجلوسوں کے روٹس پر کیے گئے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر منتظمین بھی موجود تھے جنہوں نے انتظامات کے حوالے سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر آغا شیر زمان نے ہدایت کی کہ محرم الحرام کے دوران سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کو یقینی بنایا جائے اور عزاداروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے اور سکیورٹی اداروں کے باہمی تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ امن وامان کے قیام اور عوام کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ امام بارگاہوں کی انتظامیہ نے ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے کیے گئے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔

### بقیہ 41
ایشیا، آسٹریلیا، بھارت اور افریقا کے کچھ حصوں میں خشک سالی کا خدشہ ہے جب کہ جنوبی امریکا اور مشرقی افریقا کے کچھ علاقوں میں زیادہ بارشیں متوقع ہیں۔ سپارکو کے مطابق پاکستان میں کم زور مون سون بارشیں ہوسکتی ہیں اور پاکستان میں سردیوں میں نسبتا زیادہ درجہ حرارت رہ سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ بہار اور گرمیوں میں ہیٹ ویوز کے امکانات میں اضافہ ہوسکتا ہے جب کہ ایل نینو کے اثرات زرعی شعبے اور آبی وسائل کو متاثر کرسکتے ہیں۔

### بقیہ 42
کارکنان اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی احتجاجی مظاہرہ ضلعی امیر جماعت اسلامی غلام مصطفیٰ میرانی کی قیادت میں پریس کلب کنڈھ کوٹ کے سامنے منعقد ہوا مظاہرین نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر مہنگائی کے خلاف نعرے درج تھے جبکہ شرکاء نے حکومت پاکستان کے خلاف شدید نعرے بازی بھی کی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے رہنماؤں نے کہا کہ ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں عوام کی برداشت سے باہر ہو چکی ہیں انہوں نے مطالبہ کیا کہ پیٹرول کی قیمت میں 150 روپے فی لیٹر کمی کر کے اسے 225 روپے مقرر کیا جائے، جبکہ لیویز ٹیکس میں نمایاں کمی کی جائے۔ مزید برآں ڈیزل کی قیمت کو بھی کم کرتے ہوئے کم از کم تین سال کے لیے ایک مستحکم اور عوام دوست پالیسی کا اعلان کیا جائے تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے مقررین نے کہا کہ موجودہ حالات میں غریب اور متوسط طبقہ مہنگائی کے بوجھ تلے بری طرح پس چکا ہے اور روزمرہ اشیائے ضروریہ کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی پالیسیوں کے باعث عوام کی مشکلات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جس کے باعث لوگ شدید معاشی دباؤ کا شکار ہیں رہنماؤں نے اس بات پر زور دیا کہ جماعت اسلامی واحد جماعت ہے جو ہر دور میں عوام کے حقوق کی آواز بلند کرتی رہی ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے بنیادی حقوق کے حصول کے لیے جماعت اسلامی کا ساتھ دیں اور مہنگائی کے خلاف اس جدوجہد میں شریک ہوں احتجاج کے اختتام پر مظاہرین نے حکومت پاکستان سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کرے، ٹیکسز میں ریلیف دے اور عوام کو مہنگائی کے طوفان سے نجات دلانے کے لیے عملی اقدامات کرے، بصورت دیگر احتجاج کا دائرہ ملک بھر میں مزید وسیع کیا جائے گا۔

### بقیہ 43
صورتحال کشیدہ ہوگئی، جبکہ فائرنگ کے بعد دونوں گروہ مورچہ بند ہو گئے ہیں۔ واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا ہے اور علاقہ مکین اپنی جانوں کے تحفظ کے پیش نظر گھروں تک محدود ہوگئے ہیں۔ اطلاع ملنے پر پولیس کی نفری طلب کر لی گئی ہے جبکہ مزید کشیدگی کے خدشے کے پیش نظر صورتحال پر کڑی نظر رکھی جارہی ہے۔

### بقیہ 44
کو دبایا نہیں جا سکتا اور نہ ہی صحافت کی آواز کو خاموش کیا جا سکتا ہے۔ صحافی برادری کے اتحاد، ثابت قدمی اور پرامن جدوجہد نے ایک بار پھر ثابت کر دیا ہے کہ سچائی اور اصولی موقف کی طاقت ہر رکاوٹ پر غالب آتی ہے۔ صحافتی حلقوں نے انتظامیہ کے اس اقدام کو انصاف کی جانب ایک مثبت قدم قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے مزید مؤثر اقدامات کیے جائیں گے، تاکہ صحافی اپنے پیشہ ورانہ فرائض آزادانہ، باوقار اور محفوظ ماحول میں انجام دے سکیں۔

### بقیہ 45
کے ملازم کے ساتھ مل کر الیکٹرک گیزر چرائے اور مارکیٹ میں فروخت کر دیئے، تھانہ سٹی پولیس نے ٹیکنیکل وہومین انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ٹریس کر کے گرفتار کرلیا، زیر حراست شخص کے انکشاف و نشاندہی پر چرائے گئے الیکٹرک گیزر برآمد ہوئے، زیر حراست شخص کے ساتھی کی گرفتاری کے لیے ریڈ کیے جارہے ہیں۔ ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ زیر حراست شخص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

### بقیہ 46
آپریشنز، ایس ایس پی انوسٹیگیشن، چیف ٹریفک آفیسر، ایس پی پوٹھوہار، ڈی ایس پی کینٹ، سرکل ایس ایچ اوز سمیت تفتیشی و ٹریفک افسران بھی موجود تھے، کھلی کچہری میں شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی، سی پی او نے شہریوں کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لیے موقعہ پر احکامات جاری کیے، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے کہا کہ شہریوں کی شکایات کے بروقت ازالے اور بہترین خدمات کی فراہمی کو ہمہ وقت یقینی بنایا جارہا ہے، شہریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے، بہترین ٹریفک مینجمنٹ ہر صورت یقینی بنایا جائے، شہر کی تمام شاہراؤں پر شہریوں کی سہولت اور ٹریفک کے مسلسل بہاؤ کو ہمہ وقت یقینی بنایا جائے، سروس ڈیلیوری، میرٹ اور قانون کی بالادستی اولین ترجیحات ہیں، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔

### بقیہ 47
پر مخالفین سے تلخ کلامی ہوئی جس کی رنجش میں 5 مسلح افراد نے اندھا دھند فائرنگ کر کے ممتاز خان کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے جس پر تھانہ احمد پور شرقیہ سٹی بہاولپور پولیس نے مقتول کی نعش پوسٹمارٹم کے بعد ورثا کے سپرد کر کے بھتیجے محمد افضل کی مدعیت میں 5 حملہ آوروں عرفان، نصرت اللہ، نجیب اللہ، نعمت اللہ، ثاقب اور ایما کے تین افراد حبیت اللہ، سمیع اللہ، خان امیر خان کے خلاف زیر دفعہ 302/109/148/149 ت پ مقدمہ قتل درج کر دیا اور مصروف تفتیش ہے جبکہ مقتول کاٹن فیکٹری مالک ممتاز خان کو اس کے آبائی گاں واٹڈھا رسول خیلانوالہ موضع سلطان والہ شرقی چھدرو میں نماز جنازہ ادا کر کے سپرد خاک کردیا گیا۔ جس کے لواحقین نے ملزمان کو فل الفور گرفتار کر کے قرار واقعی سزا کا مطالبہ کیا ہے۔

### بقیہ 48
ضرورت ہوگی تو بھارت پانی روکے گا، ہمیں ضرورت نہیں ہوگی تو بھارت پانی چھوڑے گا جس سے سیلاب آئے گا، حل یہ ہے کہ ہمیں بھی 3 سے 4 پانی کے ذخائر بنانے چاہئیں، بھارت پانی چھوڑے تو ہم اسے ذخیرہ کرلیں۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ امریکہ ایران کے درمیان تیسری عالمی جنگ ہونے جارہی تھی، اس کو رکوایا گیا، امریکہ ایران کی جنگ بندی کا تاریخی کارنامہ پاکستان نے انجام دیا، وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کو تاریخ یاد رکھے گی، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل ہیروز ہیں، تاریخ کبھی فراموش نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم سے درخواست کروں گا معرکہ حق اور امن معاہدے پر کتاب لکھیں، ایک پیج مذاق بنا ہوا ہے، اچھے معنوں میں نہیں لیا جاتا، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کے درمیان خلوص، عزت و احترام کا رشتہ ہے، فیلڈ مارشل عاصم منیر معاملہ فہم ہیں۔ مشیر وزیراعظم نے کہا کہ کابینہ میں تبدیلی وزیراعظم کا استحقاق ہے۔

### بقیہ 49
اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر صہیب اشرف کے ہمراہ شاہپور، ساہیوال اور سلانوالی تحصیلوں کا دورہ کیا اور مجالس وجلوسوں کے انتظامات، سکیورٹی اقدامات، صفائی ستھرائی، لائٹنگ، طبی سہولیات، پینک بٹن سسٹم اور متبادل ٹریفک پلان کا تفصیلی جائزہ لیا۔ معاونِ خصوصی نے مرکزی امام بارگاہوں، مجالس کے مقامات، ماتمی جلوسوں کے روٹس، کنٹرول پوائنٹس، سٹریٹ لائٹس، صفائی ستھرائی، نکاسی آب، سکیورٹی انتظامات، طبی سہولیات اور متبادل ٹریفک پلان کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر متعلقہ اسسٹنٹ کمشنرز اور ڈی ایس پیز نے عزاداروں کی سہولت، سکیورٹی اور امن وامان کے قیام کے لیے کیے گئے انتظامات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ شعیب مرزا نے ہدایت کی کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق عزاداروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے اور مجالس وجلوسوں کے راستوں پر بہترین لائٹنگ، صفائی، ٹھنڈے پانی کی سبیلوں، ریسکیو 1122، فیلڈ ہسپتالوں اور طبی امدادی سہولیات کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے۔

### بقیہ 50
تجربہ کار طبی افرادی قوت موجود ہے۔

### بقیہ 51
نے انٹرنیٹ پر فحش اور ناشائستہ مواد پوسٹ کر کے عوام کی حیا کو مجروح کیا۔ گلوکارہ پرستو احمدی کے یوٹیوب چینل پر اپ لوڈ کی گئی کاروان سرائے کنسرٹ کی ویڈیو میں گلوکارہ کو بغیر حجاب پہنے گانا گاتے دیکھا جا سکتا ہے۔ یوٹیوب پر یہ ویڈیو چند گھنٹوں کے اندر ایک لاکھ سے زیادہ بار دیکھی گئی، اسے سوشل میڈیا پر بھی بڑے پیمانے پر شیئر کیا گیا، اب تک اس ویڈیو کو تقریبا 30 لاکھ بار دیکھا جا چکا ہے، اور اس کے کلپس آن لائن وائرل ہو چکے ہیں۔

### بقیہ 52
دورانِ پریکٹیکل بعض طالبات نے ایگزامینر کے بار بار جسمانی طور پر غیر ضروری چھونے اور مبینہ نازیبا حرکات کی شکایت کی جبکہ دو طالبات نے تمام صورتحال تحریری صورت میں بھی قلمبند کر کے جمع کروائیں۔ ذرائع کا دعویٰ ہے کہ ابتدائی طور پر مبینہ طور پر پانچ طالبات کی جانب سے ہراسانی اور نامناسب رویے سے متعلق تحفظات سامنے آئے تھے تاہم بعد ازاں بعض والدین نے معاملے کو مزید آگے بڑھانے کے بجائے خاموشی اختیار کرنے کو ترجیح دی جس کے باعث متعدد طالبات باضابطہ طور پر سامنے نہ آسکیں۔ درخواست کی نقول چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن چکوال، کنٹرولر امتحانات راولپنڈی بورڈ اور ڈپٹی کمشنر چکوال کو بھی ارسال کی گئیں۔

### بقیہ 53
رہنما سمیت 4 افراد کو پیٹرول چھڑک کر زندہ جلا دیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے سے قبل بھی دونوں فریقین کے درمیان جھگڑے اور مقدمات درج تھے۔ واقعے کے وقت فریقین کے درمیان تصادم ہوا جس کے بعد گاڑی کو آگ لگائی گئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق واقعہ منگل اور بدھ کی درمیانی رات پیش آیا، اہل خانہ کے مطابق بھارت سنگھ ریت کی کان سے متعلق تنازع کے تصفیے کے لیے گیا تھا تاہم اسے مبینہ طور پر گھات لگا کر زندہ جلا دیا گیا۔ پولیس کے مطابق حملے کے دوران بھارت سنگھ کی گاڑی کو آگے اور پیچھے سے ٹرکوں کے ذریعے بلاک کیا گیا جس کے بعد اسے آگ لگا دی گئی، واقعے میں بی جے پی رہنما بھارت سنگھ المعروف للا سنگھ، وریندر سنگھ اور نکندر سنگھ موقع پر ہی ہلاک ہو گئے، جبکہ 1 زخمی شخص مایانک سنگھ کو انتہائی تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کیا گیا ہے۔

### بقیہ 54
طالبات نے شرکت کی، دو ہفتے کے انٹرن شپ پروگرام میں سینئر پولیس افسران نے طلباء وطالبات کو پولیس ورکنگ اور پولیسنگ کے مختلف شعبوں پر لیکچرز دیئے۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب عبدالکریم کے ویژن کے مطابق راولپنڈی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں فرینڈز آف پولیس انٹرن شپ پروگرام کے 45 ویں بیچ کا اختتام ہو گیا، انٹرن شپ پروگرام میں مختلف تعلیمی اداروں کے طلباء و طالبات نے شرکت کی، دو ہفتے کے انٹرن شپ پروگرام میں سینئر پولیس افسران نے طلباء وطالبات کو پولیس ورکنگ اور پولیسنگ کے مختلف شعبوں پر لیکچرز دیئے، انٹرن شپ پروگرام کے تحت طلباء و طالبات کو پولیس اسٹیشن ورکنگ، پولیس خدمت مرکز، فرنٹ ڈیسک، مختلف پولیس ایپس، ٹریفک پولیس، قانونی اور عدالتی کاروائی کے بارے میں آگاہی دی گئی، طلباء وطالبات کو سپیشل انیشیٹو پولیس اسٹیشنز، پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز، کمانڈ اینڈ کنٹرول روم، ٹریفک ہیڈ کوارٹرز، پولیس خدمت مرکز لیاقت باغ اور لیگل برانچ کا بھی دورہ کروایا گیا تاکہ وہ عملی طور پر پولیسنگ سے آگاہی حاصل کرسکیں۔

### بقیہ 55
اٹھاتے ہوئے پوچھا ہے کہ بلدیہ گوجر خان کو ملنے والے کروڑوں روپے کے فنڈز اور عوام کے خون پسینے کی کمائی سے اکٹھے ہونے والے ٹیکس آخر کہاں استعمال ہو رہے ہیں؟ سابق چیف افسر کے دور میں نالوں کی صفائی کے نام پر دیے جانے والے مہنگے ٹھیکے زمین پر کہیں نظر نہیں آ رہے، جس سے یہ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ یہ ٹھیکے مبینہ طور پر صرف مخصوص جیبیں بھرنے کے لیے دیے گئے تھے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بلدیہ کے چیف افسر، انجینئرز اور سب انجینئرز آخر کس کام کی بھاری تنخواہیں اور مراعات لے رہے ہیں؟ کیا ان افسران کا کام صرف ائیر کنڈیشنڈ کمروں میں بیٹھنا ہے؟ شہر کی کوئی ایک گلی، محلہ، بازار یا سروس روڈ ایسی نہیں بچی جو ہلکی سی بارش کے بعد جوہڑ کا منظر پیش نہ کر رہی ہو۔ بلدیہ گوجرخان اب ایک سفید ہاتھی بن چکی ہے جس کا کام صرف فنڈز کو ہڑپ کرنا رہ گیا ہے۔

### بقیہ 56
پروگرام کے لیے 524 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں، موجودہ مالی سال میں 7952 نئی آسامیاں تخلیق کی گئیں، 1100 اسکولوں کو شمسی توانائی پر منتقل کیا گیا، ضم اضلاع کے 10 ہزار طلبا وطالبات میں 9 ہزار روپے فی طالب علم کے حساب سے تقسیم کیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ رواں مالی سال بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ افراد کیلئے 4.29 ارب روپے جاری کیے گئے جبکہ نئے بجٹ میں ضلعی حکومتوں کے لیے 52.8 ارب روپے رکھے گئے ہیں اور ضم شدہ قبائلی اضلاع کے لیے 29 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں، ضم شدہ اضلاع میں اے آئی پی کی مد میں 52 ارب روپے رکھنے کی تجویز دی گئی ہے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ بیرونی امداد اور قرضوں کی مد میں 150 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں، وفاقی پی ایس ڈی پی کے تحت 5 ارب 18 کروڑ روپے مختص کرنے کی تجویز دی گئی ہے، جاری اخراجات کے لیے 1 ہزار 645 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ خیبرپختونخوا حکومت نے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں 7 فیصد اضافے کی تجویز دی ہے اور کم از کم ماہانہ اجرت 5 ہزار روپے بڑھا کر 45 ہزار روپے کرنے کی تجویز شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ میں امن وامان کے لیے 191 ارب روپے رکھنے کی تجویز دی گئی ہے، گڈ گورننس روڈ میپ کے لیے 200 ملین روپے مختص کرنے کی تجویز شامل ہے، احساس مستحق پروگرام کے لیے 15 ارب اور صحت کارڈ کے لیے 50 ارب روپے مختص کرنے کی تجویز ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایم ٹی آئی اسپتالوں کے لیے 80 ارب روپے اور بحالی پروگرام کے لیے 36 ارب روپے مختص کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔

تلاش گمشدہ
میرا پاسپورٹ جس کا نمبر FL5094321 دوران سفر کہیں گم ہو گیا ہے جس کسی کو ملے اسے پتے پر ارسال کر دیں۔
المشتہر: فہیم زبیر ولد زبیر حسین
سکنہ حال مقیم نیوشکریال اسلام آباد
شناختی کارڈ نمبر۔
81101-9500432-3
موبائل نمبر 03278513947

# پنجاب میں 66 سال پرانا کنسولیڈیشن آف ہولڈنگز آرڈیننس ختم

**باضابطہ نوٹیفکیشن جاری، نئے قانون کے تحت زیر التوا کنسولیڈیشن سکیموں کو 180 روز کے اندر مکمل کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے**

**مقررہ مدت کے بعد نامکمل رہ جانے والے کیسز کو پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ 1967 کے تحت نمٹایا جائے گا**

لاہور (این ای این) پنجاب حکومت نے اراضی سے متعلق پرانے اور پیچیدہ قانونی نظام کے خاتمے کیلئے 66 سال پرانے کنسولیڈیشن آف ہولڈنگز آرڈیننس کو ختم کر کے نیا ریپیل ایکٹ نافذ کردیا ہے، جس کا باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ نئے قانون کے تحت زیر التوا کنسولیڈیشن سکیموں کو 180 روز کے اندر مکمل کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ مقررہ مدت کے بعد نامکمل رہ جانے والے کیسز کو پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ 1967 کے تحت نمٹایا جائے گا۔ دستاویزات کے مطابق حکومت کو اراضی کے معاملات میں ڈیجیٹل (بقیہ نمبر 29)

## عزاداروں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا حکومت کی ترجیح ہے، شعیب مرزا

**مجالس وجلوسوں کے انتظامات، سکیورٹی، صفائی، لائٹنگ، پینک بٹن سسٹم اور متبادل ٹریفک پلان کا تفصیلی جائزہ**

**وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایات پر معاونِ خصوصی برائے انسپکشن ٹیم شعیب مرزا کا شاہپور، ساہیوال اور سلانوالی کا رات گئے دورہ**

سرگودھا (طارق قاسمی سے) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر محرم الحرام کے دوران امن وامان کے قیام، بین المسالک ہم آہنگی کے فروغ اور عزاداروں کو بہترین سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے معاونِ خصوصی برائے انسپکشن ٹیم شعیب مرزا ضلع سرگودھا میں انتظامات کی مسلسل نگرانی کررہے ہیں۔ اسی سلسلے میں جمعہ کی شب انہوں نے ڈپٹی کمشنر سرگودھا حسین احمد رضا چوہدری (بقیہ نمبر 49)

سرگودھا۔ معاون خصوصی وزیراعلیٰ پنجاب شعیب مرزا، ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری اور ڈی پی او صہیب اشرف کے ہمراہ شاہپور، سلانوالی اور ساہیوال میں عزاداری جلوسوں کے روٹس کی کلیرنس کا جائزہ اور انتظامات بارے بریفنگ لے رہے ہیں

سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی سٹی ٹریفک پولیس ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سنے

## کندھ کوٹ: جماعت اسلامی کی کال پر ملک گیر احتجاج

**مظاہرین کا پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑی کمی کا مطالبہ**

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن کی کال پر ملک بھر میں بڑھتی ہوئی مہنگائی اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف احتجاجی مظاہروں کا سلسلہ جاری ہے اسی سلسلے میں ضلع کشمور کے شہر کندھ کوٹ میں بھی جماعت اسلامی کی جانب سے ایک بھرپور احتجاجی مظاہرہ کیا گیا جس میں شہریوں (بقیہ نمبر 42)

## راولپنڈی، ایک منشیات سپلائر گرفتار، 2 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ ویسٹریج پولیس نے ایک منشیات سپلائر گرفتار کرکے 2 کلو سے زائد چرس برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ ویسٹریج پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایک منشیات سپلائر کو گرفتار کرلیا، زیر حراست فرد سے 2 کلو 200 گرام چرس برآمد ہوئی، زیر حراست فرد کے خلاف مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا گیا۔ ایس پی (بقیہ نمبر 31)

## آئی سی سی آئی میں ڈاکٹر انعم فاطمہ کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد

**ڈاکٹر انعم فاطمہ کا شفاف اور عوام دوست سوک سروسز کی فراہمی کے عزم کا اعادہ**

اسلام آباد (این این آئی) چیف آفیسر میونسپل سروسز اسلام آباد ڈاکٹر انعم فاطمہ نے کہا ہے کہ شفافیت، ڈیجیٹلائزیشن اور اسٹیک ہولڈرز کی مؤثر شمولیت بہتر شہری خدمات اور گڈ گورننس کے لیے ناگزیر ہیں۔ وہ اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے زیر اہتمام اپنے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہی تھیں، جس (بقیہ نمبر 30)

اے آئی جی آپریشنز سعود خان سنٹرل پولیس آفس کھلی کچہری میں تشریف لائے شہریوں کی شکایات و مسائل کو بغور سن کران کے حل کے لئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کررہے ہیں

## نوجوان لیڈر آف ٹومارو، نوجوان ہی نوجوان کے مسائل بہتر حل کر سکتا ہے

**وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت نوجوانوں کو امپاور کر رہے ہیں، رانا سکندر حیات**

لاہور (این این آئی) محکمہ تعلیم اور ہیلپنگ ہینڈ ویلفیئر آرگنائزیشن کے درمیان وزیراعلیٰ پنجاب یوتھ انکیوبیشن پروگرام کے آغاز کے حوالے سے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے گئے جس کے مطابق پنجاب کے نوجوانوں کو ڈیجیٹل مہارتوں سے ہم آہنگ کرنے اور ان کی کونسلنگ کیلئے مشترکہ کاوشیں کی جائیں گی۔ وزیرتعلیم نے کہا کہ یہ پروگرام مریم نواز شریف کے یوتھ ایمپاور اور نوجوانوں کو امپاور کرنے کے ویژن کے تحت شروع کیا گیا ہے۔

## پاکستانی طبی ماہرین کیلئے سعودی عرب میں روزگار کے مزید مواقع

جدہ (این این آئی) پاکستانی طبی ماہرین کیلئے سعودی عرب میں روزگار کے مزید مواقع کی جانب پیشرفت ہوئی ہے۔ جدہ میں وزارت اوورسیز پاکستانیز اور سعودی طبی ادارہ کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر دیے گئے۔ قونصل جنرل کے مطابق پاکستان کے پاس اعلی تعلیم یافتہ اور (بقیہ نمبر 50)

## کندھ کوٹ، زمین کے تنازع پر فائرنگ، ایک شخص زخمی

**مزید کشیدگی کے خدشے کے پیش نظر صورتحال پر کڑی نظر رکھی جارہی ہے**

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ کندہ کو۔ گھوڑا گھاٹ تھانے کی حدود گاؤں بادل خان سبزوئی میں سبزوئی برادری کے دو گروہوں کے درمیان زمین کے تنازع پر جھگڑا شدت اختیار کرگیا، جس کے نتیجے میں فائرنگ کا واقعہ پیش آیا۔ فائرنگ کے دوران ایک شخص عمران سبزوئی زخمی ہوگیا، جسے فوری طور پر طبی امداد کے لیے قریبی اسپتال منتقل کر دیا گیا، جہاں اس کا علاج جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق دونوں فریقین کے درمیان کشیدگی کے باعث (بقیہ نمبر 43)

## راولپنڈی، 3افراد گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 3افراد گرفتار کرکے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 3افراد کو گرفتار کرکے 10لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، زیرحراست افراد کے خلاف کارروائیاں تھانہ کینٹ، پیرودھائی اور ویسٹریج کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

## وزیراعظم آئندہ 48 گھنٹوں میں سعودی عرب کا اہم دورہ کریں گے

**وزیراعظم کی اعلیٰ سعودی حکام سے ملاقاتوں میں اہم فیصلے کئے جائیں گے، ذرائع**

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف آئندہ 48 گھنٹوں میں سعودی عرب کا دورہ کریں گے۔ ذرائع کے مطابق دورہ کے دوران وزیراعظم کی اعلیٰ سعودی حکام سے اہم ملاقاتیں ہوں گی، ملاقاتوں میں پاکستان میں سرمایہ کاری، دفاعی تعاون سمیت دیگر امور پر بات چیت ہوگی۔ ذرائع نے بتایا کہ وزیراعظم کی اعلیٰ سعودی حکام سے (بقیہ نمبر 32)

## ایرانی گلوکارہ پرستو احمدی کو 74 کوڑوں کی سزا

**دوسال کیلئے ملک چھوڑنے اور فن سے متعلق سرگرمیوں میں حصہ لینے پر پابندی عائد**

تہران (آئی آئی پی) ایران کی ایک عدالت نے گلوکارہ پرستو احمدی اور کاروان سرائے کنسرٹ کے مزید آٹھ ارکان کو 74 کوڑوں کی سزا سنائی ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے مطابق ان پر دو سال کیلئے ملک چھوڑنے اور فن سے متعلق سرگرمیوں میں حصہ لینے پر پابندی عائد کی گئی ہے۔ یہ فیصلہ ایران کے صوبہ قم کی ایک عدالت نے سنایا، اسلامی قانون کی دفعات کا حوالہ دیتے ہوئے عدالت نے ہر رکن کو یکساں سزا سنائی، عدالت نے یہ بھی کہا کہ فیصلہ قومی میڈیا میں شائع کیا جائے گا۔ سزا پانے والوں پر الزام ہے کہ انہوں (بقیہ نمبر 51)

## سرگودھا، مسجد کی چھت پر بجلی کا کرنٹ لگنے سے باپ بیٹا جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) مسجد کی چھت پر بجلی کا کرنٹ لگنے سے باپ بیٹا جاں بحق ہوگئے جن کی نعشیں گھر پہنچنے پر کہرام مچ گیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا جھنگ روڈ سیم بائی پاس کے قریب مسجد میں نصب سیف سٹی کے ساتھ منسلک وائی فائی ڈیوائز شدید آندھی کے باعث گرگئی۔

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا اپنے دفتر میں شہریوں سے مسائل سن رہے ہیں

## حکومت بلوچستان کا ڈاکٹر ماہ نور ناصر کے بیرونِ ملک علاج کا فیصلہ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے کوئٹہ کے سول ہسپتال میں تیزاب گردی کے واقعے میں زخمی ہونے والی ڈاکٹر ماہ نور کے بیرون ملک علاج کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعلیٰ کے معاون شاہد رند نے بتایا کہ ڈاکٹر ماہ نور کو مزید خصوصی علاج کے لیے امریکا بھجوایا جائے گا۔ ڈاکٹر ماہ نور کے بیرون ملک علاج کی منظوری وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی (بقیہ نمبر 34)

## ناجائز منافع خوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی

**اشیائے ضروریہ مقررہ نرخوں پر فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر ساہیوال**

ساہیوال (آئی آئی پی) ڈپٹی کمشنر ساہیوال سمیع اللہ فاروق نے کہا ہے کہ عوام کو اشیائے ضروریہ مقررہ نرخوں پر فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور ذخیرہ اندوزی، ناجائز منافع خوری اور سرکاری نرخ ناموں کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ تمام سپیشل پرائس مجسٹریٹس کی ذمہ داری ہے کہ وہ فیلڈ میں اپنی موجودگی (بقیہ نمبر 33)

# چوآسیدن شاہ، ایگزامنیر کیخلاف طالبات کو ہراساں کرنے کا الزام

**چوآسیدن شاہ میں پریکٹیکل ایگزامینر پر طالبات کو ہراساں کرنے کے الزامات درخواستوں اور انکوائری کے باوجود ڈیوٹی برقرار**

**دھواں بھی وہاں سے اٹھتا ہے جہاں آگ لگی ہو ایک طالبہ کے بیان کو ناکافی قرار دے کر معاملہ نمٹانے پر عوامی وسماجی حلقوں کے سوالات**

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد) میٹرک کے بائیولوجی پریکٹیکل امتحان کے دوران گورنمنٹ گرلز ہائی سکول چوآسیدن شاہ میں تعینات ایک ایگزامینر کے خلاف طالبات کے ساتھ مبینہ ہراسانی اور نامناسب رویے کے الزامات سامنے آنے کے بعد معاملہ نہ صرف تعلیمی حلقوں بلکہ عوامی وسماجی سطح پر بھی موضوع بحث بن گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سکول کی ہیڈمسٹریس نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (سیکنڈری) چکوال کو تحریری درخواست ارسال کی جس میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ (بقیہ نمبر 52)

اسسٹنٹ ڈائریکٹر سیف سٹی عباس مہدی محرم کنٹرول روم افسران کو بریفنگ دے رہے ہیں

## حق اور سچ کی آواز رنگ لے آئی، انتظامیہ نے نوٹس لے لیا

**مقامی صحافی فرحان ارشد بھٹی کیساتھ پیش آنے والے ناخوشگوار واقعہ پر انتظامیہ کا نوٹس**

**ڈپٹی کمشنر ننکانہ راؤ تسلیم اختر نے پیرا فورس کے اہلکار شکیل احمد کی سخت سرزنش کی**

**ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے مزید مؤثر اقدامات کیے جائیں گے**

شاہکوٹ (میاں داؤد) مقامی صحافی اور سینئر تاجر رہنما فرحان ارشد بھٹی کے ساتھ پیش آنے والے ناخوشگوار واقعے پر بالآخر ضلعی انتظامیہ نے نوٹس لے لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر ننکانہ راؤ تسلیم اختر نے پیرافورس کے اہلکار شکیل احمد کی سخت سرزنش کرتے ہوئے آئندہ ذمہ دارانہ اور محتاط رویہ اختیار کرنے کی ہدایت جاری کر دی ہے۔ مزید برآں، معاملے میں مبینہ طور پر غیر ذمہ دارانہ طرز عمل اختیار کرنے پر اسسٹنٹ کمشنر شاہکوٹ کے پرسنل اسسٹنٹ پرویز کا بھی تبادلہ کر دیا گیا ہے۔ یہ پیش رفت اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ حقائق (بقیہ نمبر 44)

آئی جی پنجاب عبدالکریم کے ویژن کے مطابق راولپنڈی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں فرینڈز آف پولیس انٹرن شپ پروگرام کے 45ویں بیچ کا اختتام، انٹرن شپ پروگرام میں مختلف تعلیمی اداروں کے طلباء وطالبات نے شرکت کی۔

## بی جے پی رہنما سمیت 4افراد کو پیٹرول چھڑک کر زندہ جلا دیا گیا

**بھارتی ریاست چھتیس گڑھ میں ریت کی کان کنی کا پرانا تنازع شدت اختیار کرگیا**

نئی دہلی (آئی آئی پی) ریت کے تنازع پر بی جے پی رہنما سمیت 4افراد کو زندہ جلا دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق بھارتی ریاست چھتیس گڑھ میں ریت کی کان کنی کا پرانا تنازع شدت اختیار کرگیا جہاں فورچونر گاڑی میں سوار بھارتیہ جنتا پارٹی کے (بقیہ نمبر 53)

## سرگودھا، گرج چمک میں آسمانی بجلی گرنے سے نوجوان جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) گرج چمک میں آسمانی بجلی گرنے سے نوجوان جاں بحق اور دوسرا نوجوان شدید زخمی ہوگیا جن کو ریسکیو کرکے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا فیصل آباد روڈ کے قصبہ چنیوٹ جھنگ روڈ پر علاقہ کوٹ لال میں گرج چمک میں آسمانی بجلی گرنے سے دو نوجوان اس کی زد میں آگئے جن میں 18 سالہ نوجوان محسن علی جاں بحق اور دوسرا 15 سالہ نوجوان محمد حارث شدید زخمی ہوگیا جن کو ریسکیو کرکے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال چنیوٹ منتقل کر دیا گیا۔

## راولپنڈی، گودام میں چوری کی واردات میں ملوث شخص گرفتار

**5 لاکھ سے زائد مالیت کے مسروقہ 102 امپورٹڈ الیکٹرک گیزر برآمد**

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ سٹی پولیس نے گودام میں چوری کی واردات میں ملوث شخص گرفتار کرکے 5 لاکھ سے زائد مالیت کے مسروقہ 102 امپورٹڈ الیکٹرک گیزر برآمد کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے گودام میں چوری کی واردات میں ملوث شخص کو گرفتار کرلیا، زیر حراست شخص سے 5 لاکھ سے زائد مالیت کے مسروقہ 102 امپورٹڈ الیکٹرک گیزر برآمد ہوئے، زیر حراست شخص نے گودام (بقیہ نمبر 45)

تھانہ سٹی پولیس کی کارروائی، گودام میں چوری کی واردات میں ملوث شخص گرفتار

# اقلیتی برادری کے مستحق طلبہ میں تعلیمی وظائف کے چیکس تقسیم

**پنجاب حکومت اقلیتوں کی فلاح و بہبود، تعلیم کے فروغ اور انہیں یکساں مواقع فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کررہی ہے**

**حکومت اقلیتی طلبہ کو معیاری تعلیم کے حصول میں معاونت فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے، پارلیمانی سیکرٹری ضیاء اللہ شاہ**

راولپنڈی (این ای این) محکمہ انسانی حقوق و اقلیتی امور پنجاب کے زیراہتمام اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے مستحق طلبہ میں تعلیمی وظائف کے چیکس تقسیم کرنے کی تقریب ڈپٹی کمشنر آفس راولپنڈی میں منعقد ہوئی۔ تقریب کی صدارت رکن پنجاب اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری برائے انسانی حقوق و اقلیتی امور ضیاء اللہ شاہ اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹر عبدالرحمن خان نے کی۔ تقریب (بقیہ نمبر 35)

## فرینڈز آف پولیس انٹرن شپ پروگرام کے 45ویں بیچ کا اختتام

**انٹرن شپ پروگرام میں مختلف تعلیمی اداروں کے طلباء وطالبات کی شرکت**

**سینئر پولیس افسران نے پولیس ورکنگ اور پولیسنگ کے مختلف شعبوں پر لیکچرز دیئے**

راولپنڈی (این این آئی) آئی جی پنجاب عبدالکریم کے ویژن کے مطابق راولپنڈی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں فرینڈز آف پولیس انٹرن شپ پروگرام کے 45ویں بیچ کا اختتام ہوگیا، انٹرن شپ پروگرام میں مختلف تعلیمی اداروں کے طلباء و (بقیہ نمبر 54)

راولپنڈی پولیس لائنز ہیڈکوارٹر میں فرینڈز آف پولیس انٹرن شپ پروگرام کے 45ویں بیچ کے اختتام پر طلباء وطالبات میں سرٹیفکیٹس تقسیم کئے جارہے ہیں

## اسلام آباد ہائیکورٹ میں موسم گرما کی سالانہ تعطیلات کا اعلان کردیا گیا

اسلام آباد (آئی آئی پی) اسلام آباد ہائیکورٹ میں موسم گرما کی سالانہ تعطیلات کا اعلان کردیا، نوٹیفکیشن کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ میں کیم جولائی سے 31 اگست 2026 تک تعطیلات ہوں گی۔ چیف جسٹس کی منظوری کے بعد رجسٹرار محمد یار ولانہ کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ قبل ازیں، لاہور ہائیکورٹ میں موسم گرما کی تعطیلات کا اعلان کردیا گیا تھا، نوٹیفکیشن کے مطابق لاہور ہائیکورٹ میں موسم گرما کی تعطیلات 6 جولائی سے 5 ستمبر تک ہوں گی۔

## سروس ڈیلیوری، میرٹ اور قانون کی بالادستی اوّلین ترجیحات ہیں

**سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی تھانہ کینٹ اور سٹی ٹریفک پولیس ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری**

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے تھانہ کینٹ اور سٹی ٹریفک پولیس ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے شہریوں کے مسائل سنے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی تھانہ کینٹ اور سٹی ٹریفک پولیس ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد، ایس ایس پی (بقیہ نمبر 46)

وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی تھانہ کینٹ میں کھلی کچہری

## ایس پی راول کی امام بارگاہوں کی سکیورٹی ڈیوٹی کی چیکنگ

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی راول سعد ارشد نے راول ڈویژن کے علاقہ میں امام بارگاہوں کی سکیورٹی ڈیوٹی کی چیکنگ کی۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی راول سعد ارشد نے راول ڈویژن کے علاقہ میں امام بارگاہوں کی سکیورٹی ڈیوٹی کی چیکنگ کی، ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ مجالس رجلوس میں داخل ہونے والے افراد کو واک (بقیہ نمبر 37)

## امریکا نے ایرانی بندرگاہوں اور ساحلی علاقوں کی ناکہ بندی ختم کردی

**آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگوں کی صفائی کے اقدامات اسلام آباد معاہدے کے تحت کیے جائینگے**

واشنگٹن (آئی آئی پی) امریکا نے ایرانی بندرگاہوں اور ساحلی علاقوں کی ناکہ بندی ختم کردی۔ امریکی فوج کا کہنا ہے کہ امریکی بحری جہاز مفاہمتی یادداشت پر عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے خطے میں موجود رہیں گے تاہم ایرانی بندرگاہوں اور ساحلی علاقوں کی ناکہ بندی ختم کردی گئی ہے۔ دوسری جانب ایرانی سپریم سکیورٹی کونسل نے (بقیہ نمبر 36)

## 16 سے 18 سال کے نوجوانوں کیلئے موٹر سائیکل لائسنس کا اجرا

**اشتہار میں بھارتی روپے کی علامت شامل ہونے پر سوشل میڈیا پر شدید ردعمل**

لاہور (آئی آئی پی) پنجاب حکومت نے 16 سے 18 سال کے نوجوانوں کیلئے موٹر سائیکل لرنر لائسنس کے اجرا کا آغاز کردیا ہے، تاہم اس حوالے سے جاری کیے گئے سرکاری اشتہار میں پاکستانی روپے کی جگہ بھارتی روپے () کی علامت شامل ہونے پر سوشل میڈیا پر شدید ردعمل سامنے آیا ہے۔ حکومت کے مطابق 16 سے 18 سال کی عمر کے (بقیہ نمبر 38)

راولپنڈی میں نماز جمعہ کے دوران موثر سکیورٹی انتظامات کئے گئے

## ایس پی صدر کا تین محرم الحرام کے جلوس کے دوران سکیورٹی انتظامات کا جائزہ

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی صدر انعم شیر نے تین محرم الحرام کے جلوس کے دوران سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی صدر انعم شیر نے تین محرم الحرام کے جلوس کے دوران سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا، اے ایس پی صدر، ایس ایچ او دھمیال اور دیگر افسران بھی ہمراہ تھے، ایس پی صدر نے علاقہ تھانہ دھمیال سے برآمد ہونے والے جلوس کے سکیورٹی انتظامات کو چیک کیا اور افسران کو ضروری ہدایات دیں، ایس پی صدر انعم شیر کا کہنا تھا کہ جلوس کے انٹری پوائنٹس سے شرکاء (بقیہ نمبر 39)

# بلدیہ کے کروڑوں کے فنڈز نالوں کی صفائی کے ٹھیکے کاغذی نکلے

**شہری حلقوں کا بلدیہ گوجرخان کو سفید ہاتھی قرار دیتے ہوئے ترقیاتی فنڈز اور ٹیکسوں کی رقم کے فوری آڈٹ کا مطالبہ**

**صرف فوٹو سیشن اور ٹاوٹ کلچر نہیں چلے گا سی او، انجینئرز اور ٹھیکیداروں کا کڑا احتساب کر کے بندربانٹ کا حساب لیا جائے: عوامی حلقوں کا شدید احتجاج**

گوجرخان (قمر شہزاد مغل) گوجرخان شہر کا سیوریج سسٹم مکمل طور پر بیٹھ گیا، معمولی سی بارش نے بلدیہ کی کارکردگی کا پول کھولتے ہوئے شہر کے تجارتی مراکز اور گلیوں کو ندی نالوں میں تبدیل کر دیا۔ بازاروں کی حالتِ زار دیکھ کر ایسا گمان ہوتا ہے جیسے دکانیں کسی دریا کے آمنے سامنے بنی ہوں۔ اس سنگین صورتحال پر شہری حلقوں کی جانب سے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے بلدیہ گوجرخان کی انتظامیہ کے خلاف چارج شیٹ جاری کر دی گئی ہے۔ عوامی حلقوں نے تیکھے سوالات (بقیہ نمبر 55)

## خیبر پختونخوا کا 2122 ارب کا بجٹ پیش، تنخواہ وپنشن میں 7 فیصد اضافہ

**سہیل آفریدی نے نئے مالی سال کے 48 ارب روپے خسارے کا بجٹ پیش کردیا**

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی نے مالی سال 2026-27 کا دو ہزار 122 ارب روپے حجم کا بجٹ پیش کردیا، جس میں 48 ارب روپے خسارے کا تخمینہ لگایا گیا ہے جبکہ ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں 7 فیصد اضافہ اور کم از کم تنخواہ 45 ہزار کرنیکی تجویز دی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے مالی سال 2026-27 کا بجٹ پیش کرتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت کا 48 ارب روپے خسارے کا بجٹ ہے اور بجٹ کا مجموعی حجم 2 ہزار 122 ارب روپے رکھا گیا ہے، اخراجات کا تخمینہ 2 ہزار 170 ارب جبکہ آمدن کا تخمینہ 2 ہزار 122 ارب روپے ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ میں سالانہ ترقیاتی (بقیہ نمبر 56)

## سرگودھا، مسلح افراد کی فائرنگ سے کاٹن فیکٹری کا مالک جاں بحق

**مقتول کو نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا**

سرگودھا (این این آئی) قتل کی دیرینہ دشمنی میں تلخ کلامی کی رنجش میں مسلح افراد کی فائرنگ سے جاں بحق کاٹن فیکٹری کے مقتول مالک کو نماز جنازہ ادا کر کے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا پولیس نے مقتول کے بھتیجے کی مدعیت میں 5 حملہ آوروں سمیت 8 ملزمان کے خلاف مقدمہ قتل درج کر لیا اور مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ چھدرو کاٹن فیکٹری کا مالک ممتاز خان رسول اپنے بھتیجوں کے ہمراہ 2024 کے مقدمہ قتل میں پیشی کے لئے علاقہ احمد پور شرقیہ سٹی بہاولپور گئے جن کی ایک روز قبل میانوالی پیشی (بقیہ نمبر 47)

# محرم الحرام کے دوران تمام انتظامات کی مسلسل نگرانی کی جائیگی

**محرم الحرام کے دوران سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کو یقینی بنایا جائے اور عزاداروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے**

**ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھکوٹ آغا شیر زمان اور ونگ کمانڈر کرنل طلال احمد کا کندھکوٹ شہر، بخشاپور اور بڈانی کی امام بارگاہوں کا دورہ**

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھکوٹ آغا شیر زمان اور ونگ کمانڈر کرنل طلال احمد کا کندھکوٹ شہر، بخشاپور اور بڈانی کی امام بارگاہوں کا دورہ، محرم الحرام کے انتظامات کا جائزہ لیا. کندھکوٹ: محرم الحرام کے دوران امن و امان اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے عزاداروں کو سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھکوٹ آغا شیر زمان اور ونگ کمانڈر کرنل طلال احمد نے کندھکوٹ شہر اور اس کے گردونواح میں واقع مختلف امام بارگاہوں کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے سیکورٹی انتظامات، (بقیہ نمبر 40)

## پانی کے معاملے پر بھارت کے ساتھ کچھ کرنا پڑا تو ضرور کرینگے، رانا ثنا اللہ

**وزیراعظم سے درخواست کروں گا معرکہ حق، امن معاہدے پر کتاب لکھیں، انٹرویو**

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ مصدقہ اطلاعات ہیں بھارت 5 ڈیم بنا رہاہے، پانی کے معاملے پر ہمیں بھارت کے ساتھ کچھ کرنا پڑا تو ضرور کریں گے، چیئرمین واپڈا اور میری ملاقات ہوئی تھی، ہم نے پانی کے معاملے پر صدر مملکت سے بھی ملاقات کی، بھارت 5 ڈیم بنا رہاہے، ڈیم بننے کے بعد بھارت چناب کا پانی روک سکے گا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ جب ہمیں فصلوں کیلئے (بقیہ نمبر 48)

## بحرالکاہل کا درجہ حرارت بڑھنے سے ایل نینو فعال، پاکستان میں بارشیں متاثر ہونیکا خدشہ

کراچی (این این آئی) بحرالکاہل کا درجہ حرارت بڑھنے سے ایل نینو فعال ہوگیا۔ سپارکو نے ایل نینو الرٹ جاری کرتے ہوئے کہا کہ بحرالکاہل کے وسطی اور مشرقی حصوں میں درجہ حرارت معمول سے زیادہ ہے اور یہ موسمی رجحان پاکستان کے موسم کو متاثر کرسکتا ہے۔ سپارکو کے مطابق پاکستان میں رواں سال کے مون سون اور سردیوں میں موسمی پیٹرن متاثر ہونے کا امکان ہے، جنوب مشرقی (بقیہ نمبر 41)

ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان کا مورگاہ کے علاقہ میں امام بارگاہ کی سکیورٹی ڈیوٹی چیک کررہے ہیں

ایڈیٹرانچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035